سرکاری رپورٹ

صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات

سرکاری رپورٹ

صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات

جمعتہ المبارک6،سوموار،9،منگل10،بدھ11،جمعرات

،12-مئی2016

یوم الجمع27-رجب المرجب،یوم الاثنین یکم،یوم الثلاثہ2،یوم الاربعاء3،یوم الخمیس4-

شعبان المعظم1437ھ

سولہویں اسمبلی اکیسواں اجلاس

جلد حصہ اوّل شمارہ جات تا

صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات

مندرجات

اکیسواں اجلاس

جمعتہ المبارک، 6-مئی 2016

جلد شمارہ

نمبر شمار	مندرجات		صفحہ نمبر
-1	اجلاس کی طلبی کا اعلامیہ	----------	1
-2	ایجنڈا	----------	3

3-	ایوان کے عہدے دار ----------	5
4-	تلاوت قرآن پاک و ترجمہ ----------	11
5-	نعت رسول مقبول ----------	12
-	چیئرمینوں کا پینل ----------	13

نمبر شمار	مندرجات	صفحہ نمبر
	سوالات محکمہ سکولز ایجوکیشن	
-	نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات ----------	13
-	نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات جو ایوان کی میز پر رکھے گئے ----------	59
-	غیر نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات ----------	83
-	قواعد کی معطلی کی تحریک ----------	
	قرارداد	
-	بنگلہ دیش کے امیر جماعت اسلامی جناب مطیع الرحمٰن نظامی کی پاکستان سے وفا کے جرم میں سزائے موت کو رکوانے کا مطالبہ ----------	105
	پوائنٹ آف آرڈر	
-	اوکاڑہ میں گرفتار صحافیوں کی رہائی کا مطالبہ ----------	
	تحاریک استحقاق	
-	قانون پنجاب ٹرانسپیرنسی اینڈ رائٹ ٹو انفارمیشن پر عملدر آمد کی سالانہ کارکردگی رپورٹ کا ایوان میں پیش نہ کیا جانا ----------	
-	قانون کمیشن برائے حیثیت خواتین پنجاب 2014 کی سالانہ کارکردگی رپورٹ کا ایوان میں پیش نہ کیا جانا ----------	
-	اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ ساہیوال کا معزز خاتون ممبر اسمبلی کے ساتھ تضحیک آمیز روّیہ ----------	
	پوائنٹ آف آرڈر	
-	اوکاڑہ میں گرفتار صحافیوں کی رہائی کا مطالبہ ---جاری ----------	

تحاریک التوائے کار

- کوئی تحریک پیش نہ ہوئی ----------

نمبر شمار	مندرجات	صفحہ نمبر

پوائنٹ آف آرڈر

- پاناما لیکس کے حوالے سے تحریک التوائے کار کو آؤٹ آف ٹرن ٹیک اپ کرنے کا مطالبہ ----------

- کورم کی نشاندہی ----------

سوموار، 9-مئی 2016

جلد شمارہ

20- ایجنڈا ---------- 121

21- تلاوت قرآن پاک و ترجمہ ---------- 123

22- نعت رسول مقبول ﷺ ---------- 124

سوالات محکمہ جات اوقاف و مذہبی امور ، تحفظ ماحول اور کانکنی و معدنیات

- نشان زدہ سوالات اور اُن کے جوابات ---------- 125

- نشان زدہ سوالات اور اُن کے جوابات جو ایوان کی میز پر رکھے گئے ---------- 161

- غیر نشان زدہ سوالات اور اُن کے جوابات ---------- 164

پوائنٹ آف آرڈر

- کاشتکاروں کو گندم کے لئے باردانہ کے حصول میں مشکلات کا سامنا ---------- 172

تعزیت

- معزز ممبر جناب عبدالمجید نیازی کے والد محترم کی وفات پر دعائے مغفرت ---------- 176

توجہ دلاؤ نوٹس

- کوئی توجہ دلاؤ نوٹس پیش نہ ہوا ---------- 178

تحاریک التوائے کار

- کوئی تحریک پیش نہ ہوئی ----------

نمبر شمار	مندرجات	صفحہ نمبر
	سرکاری کارروائی	
	آرڈیننس جو ایوان کی میز پر رکھا گیا	
-	آرڈیننس ایگریکلچر،فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی پنجاب2016 ----------	181
-	کورم کی نشاندہی ----------	
	منگل،10-مئی2016	
	جلد شمارہ	
32-	ایجنڈا ----------	185
33-	تلاوت قرآن پاک و ترجمہ ----------	187
34-	نعت رسول مقبول ﷺ ----------	188
	سوال محکمہ سپیشل ایجوکیشن	
-	قلیل المہلت سوال ----------	189
	سوالات محکمہ جات سماجی بہبود و بیت المال اور ترقی خواتین	
-	نشان زدہ سوالات اور اُن کے جوابات ----------	194
	پوائنٹ آف آرڈر	
-	کاشتکاروں کو گندم کے لئے باردانہ کے حصول	
	میں مشکلات کا سامنا ...جاری ----------	207
-	صوبہ میں ضلعی بیت المال کمیٹیوں کی تشکیل کا مطالبہ ----------	208
	تحاریک استحقاق	
-	قانون کمیشن برائے حیثیت خواتین پنجاب 2014 کی سالانہ	

کارکردگی رپورٹ کا ایوان میں پیش نہ کیا جانا ۔۔جاری ---------- 218

تحاریک التوائے کار

- لاہور میں زیر زمین پانی کے ذخائر میں مسلسل کمی ۔۔جاری ---------- 222

نمبر شمار	مندرجات	صفحہ نمبر
	غیر سرکاری ارکان کی کارروائی	
	قراردادیں مفاد عامہ سے متعلق	
-	بھارت سے غیر قانونی درآمدات کی فروخت کو سختی سے روکنے کا مطالبہ ----------	
-	صوبہ میں تن سازی کے لئے ممنوعہ ادویات کے استعمال پر پابندی کا مطالبہ ----------	226
-	بچے سے زیادتی کی روک تھام کے لئے چائلڈ پروٹیکشن کے چیپٹر کو نصاب کا حصہ بنانے کا مطالبہ ----------	
-	قواعد کی معطلی کی تحریک ----------	
	قرارداد	
-	ایبٹ آباد میں جرگے کے غیر شرعی، غیر اخلاقی اور غیر انسانی فیصلے کی پُرزور مزمت ----------	
	زیرو آر	
-	مستحق افراد کو اشیائے خوردنوش کم نرخوں پر مہیا کرنے کا مطالبہ ۔۔جاری ----------	
-	گورنمنٹ فریدیہ کالج پاکپتن کی انتظامیہ کا طلباء سے غیر قانونی ٹوکن فیس وصول کرنا ----------	
-	سمن آباد لاہور میں کروڑوں روپے کی چلڈرن پارک کی اراضی کو باثر افراد	

کا ایل ڈی اے کے عملہ کی ملی بھگت سے رجسٹری کروانے کا انکشاف ----------

بدھ، 11-مئی2016

جلد شمارہ

49- ایجنڈا ---------- 239
50- تلاوت قرآن پاک و ترجمہ ---------- 241
51- نعت رسول مقبول ---------- 242

سوالات محکمہ جات زراعت، محنت و انسانی وسائل اور بہبود آبادی

- نشان زدہ سوالات اور اُن کے جوابات ---------- 243

نمبر شمار	مندرجات	صفحہ نمبر
-	نشان زدہ سوال اور اس کا جواب جو ایوان کی میز پر رکھا گیا ----------	271
-	غیر نشان زدہ سوالات اور اُن کے جوابات ----------	272
	پوائنٹ آف آرڈر	
-	بنگلہ دیش میں پاکستان کے حامی اور جماعت اسلامی کے سربراہ جناب مطیع الرحمٰن نظامی کی شہادت پر آؤٹ آف ٹرن قرارداد پیش کرنے کا مطالبہ ----------	276
	تعزیت	
-	جناب مطیع الرحمٰن نظامی شہید کے لئے دعائے مغفرت ----------	277
	تحاریک التوائے کار	
-	سیالکوٹ یونین کونسل اسلام آباد میں باؤلے کتے کے کاٹنے کے واقعات میں اضافہ --جاری ----------	278
-	لاہور سمیت صوبہ بھر میں ناقص فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب ----------	281
	سرکاری کارروائی	
	آرڈیننس جو ایوان کی میز پر رکھا گیا	
-	آرڈیننس ایگریکلچر، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی پنجاب ----------	

نمبر شمار	مندرجات	صفحہ نمبر
-	کورم کی نشاندہی ----------	283
	مسودہ قانون جو متعارف ہوا	
-	مسودہ قانون چوتھی ترمیم لوکل گورنمنٹ پنجاب ----------	
	زیرو آر	
-	کوئی نوٹس پیش نہ ہوا ----------	
-	قواعد کی معطلی کی تحریک ----------	

نمبر شمار	مندرجات	صفحہ نمبر
	قرارداد	
-	بنگلہ دیش میں جماعت اسلامی کے امیر جناب مطیع الرحمٰن نظامی کو پاکستان سے محبت کے جرم میں پھانسی کی سزا کی پُر زور مزمت ----------	
	جمعرات،12-مئی2016	
	جلد شمارہ	
65-	ایجنڈا ----------	293
66-	تلاوت قرآن پاک و ترجمہ ----------	295
67-	نعت رسول مقبول ----------	296
	سوالات محکمہ جات ٹرانسپورٹ اور اطلاعات و ثقافت	
-	نشان زدہ سوالات اور اُن کے جوابات ----------	297
-	غیر نشان زدہ سوالات اور اُن کے جوابات ----------	320
	توجہ دلاؤ نوٹس	
-	گوجرانوالہ سابق وزیر و ممبر پنجاب اسمبلی کے مقدمہ قتل کی صورتحال --جاری ----------	332

- میانوالی کم سن لڑکی کے اغواء و زیادتی سے متعلقہ تفصیلات ---------- 339

تحاریک استحقاق

- قانون کمیشن برائے حیثیت خواتین پنجاب 2014کی سالانہ کارکردگی رپورٹ کا ایوان میں پیش نہ کیا جانا ۔۔جاری ---------- 342

تحاریک التوائے کار

- اچھرہ لاہور کا سیوریج سسٹم تباہی کا شکار ---------- 244
- صوبہ میں عطائی ڈاکٹروں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ۔۔جاری ----------
- لاہور کے سروسز ہسپتال میں جعلی خاتون نیورو سرجن کا مریضوں کے دماغ کی اوپن سرجری کرنے کا انکشاف ۔۔جاری ---------- 351

نمبر شمار	مندرجات	صفحہ نمبر
-	درسی کتب عربی میں شائع ہونے والی احادیث اور آیات میں غلطیوں کی نشاندہی ----------	
-	وزیر اعلیٰ کے احکام کے باوجود کاہا سلطان اور درہ کاہا چھاچھڑ کے سیلابی پانی کے راستوں، ندی نالوں کی توسیع نہ کرنا ----------	
	پوائنٹ آف آرڈر	
-	پی آئی سی میں مریضوں کو ادویات ایک ماہ کی بجائے آٹھ دن کی جاری کرنا ----------	
-	ایف آئی سی میں خالی اسامیوں کو پُر کرنے اور ایمرجنسی کو فنکشنل کرنے کا مطالبہ ----------	
-	راولپنڈی کے تین بڑے ہسپتالوں کو وینٹی لیٹرز کی کمی کا سامنا ----------	

- محکمہ خوراک کا عملہ گندم کی خرید کے حوالے سے کسانوں کو پریشان
کرنے اور آڑھتی کو فائدہ پہنچانے میں مصروف ----------

- کورم کی نشاندہی ----------

83- انڈکس

1

اجلاس کی طلبی کا اعلامیہ

No.PAP/Legis-1(74)/2016/1419. Dated: 28th April, 2016. The following Order, made by the Governor of the Punjab, is hereby published for general information:

> "In exercise of the powers conferred under Article 109 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, **I, Malik Muhammad Rafique Rajwana,** Governor of the Punjab hereby summon Provincial Assembly of the Punjab to meet on Friday, 6 May 2016 at 03:00 pm in the Provincial Assembly Chambers Lahore.

Dated Lahore, the MALIK MUHAMMAD RAFIQUE RAJWANA
28th April, 2016 GOVERNOR OF THE PUNJAB"

3

ایجنڈا
برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب
منعقدہ 6-مئی 2016

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

سوالات

محکمہ سکولز ایجوکیشن

نشان زدہ سوالات اور اُن کے جوابات

سرکاری کارروائی

آرڈیننس کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

آرڈیننس ایگریکلچر ،فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی پنجاب

ایک وزیر آرڈیننس ایگریکلچر ،فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی پنجاب ایوان کی میز پر رکھیں گے۔

5

صوبائی اسمبلی پنجاب

1- ایوان کے عہدے دار

جناب سپیکر رانا محمد اقبال خان

جناب ڈپٹی سپیکر سردار شیر علی گورچانی

وزیر اعلیٰ میاں محمد شہباز شریف

قائد حزب اختلاف میاں محمود الرشید

2- چیئرمینوں کا پینل

1- میاں مرغوب احمد، ایم پی اے پی پی-150

2- محترمہ صباء صادق ایڈووکیٹ ، ایم پی اے ڈبلیو-306

3- جناب اعجاز حسین بخاری، ایم پی اے پی پی-15

4- سید محمد سبطین رضا، ایم پی اے پی پی-260

3- کابینہ

1- راجہ اشفاق سرور وزیر محنت و انسانی وسائل

2- جناب شیر علی خان وزیر کانکنی ومعدنیات توانائی*

3- جناب تنویر اسلم ملک وزیر ہاؤسنگ و شہری ترقی اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، مواصلات و تعمیرات

4- جناب محمد آصف ملک وزیر جنگلات، جنگلی حیات اور ماہی پروری

* بذریعہ ایس اینڈ جی اے ڈی نوٹیفکیشن نمبر SO(CAB-.II)2-10/2013 مورخہ 11-جون2013، 29-مئی 2015 وزراء کو ان کے اپنے محکموں کے علاوہ دیگر محکمہ جات کا اضافی چارج برائے اجلاس 6 تا 25-مئی 2016 تفویض کیا گیا۔

6

5- راناثناء اللہ خان وزیر قانون و پارلیمانی امور

6- محترمہ حمیدہ وحیدالدین وزیر ترقی خواتین

7- جناب بلال یٰسین وزیر خوراک، لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ*

8- میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن وزیر آبکاری و محصولات

9- رانامشہود احمد خان وزیر سکولز ایجوکیشن

10- میاں یاور زمان وزیر آبپاشی

11- ملک ندیم کامران وزیر زکوٰۃ و عشر

12- میاں عطاء محمد خان مانیکا وزیر اوقاف اور مذہبی امور

13- ڈاکٹر فرخ جاوید وزیر زراعت

14- جناب آصف سعید منیس وزیر خصوصی تعلیم، امور نوجواناں* کھیلیں*، آثار قدیمہ اور سیاحت*

15- سید ہارون احمد سلطان بخاری وزیر سماجی بہبود اور بیت المال

16- ملک محمد اقبال چنڑ وزیر امداد باہمی

17- چودھری محمد شفیق وزیر صنعت، تجارت اور سرمایہ کاری

18- محترمہ ذکیہ شاہنواز خان وزیر بہبود آبادی، ہائر ایجوکیشن*، تحفظ ماحول*

19- ڈاکٹر عائشہ غوث پاشا وزیر خزانہ

20- جناب خلیل طاہر سندھو وزیر انسانی حقوق اور اقلیتی امور

7

4- پارلیمانی سیکرٹریز

1- چودھری سرفراز افضل امور نوجواناں،
کھیل،
آثار قدیمہ و سیاحت
2- راجہ محمد اویس خان زکوٰۃ و عشر
3- جناب نذر حسین قانون و پارلیمانی
امور
4- صاحبزادہ غلام نظام الدین سیالوی لائیو سٹاک و
ڈیری ڈویلپمنٹ
5- حاجی محمد الیاس انصاری سماجی بہبود و بیت
المال
6- جناب محمد ثقلین انور سپرا اوقاف و مذہبی امور
7- محترمہ راشدہ یعقوب ترقی خواتین
8- محترمہ نازیہ راحیل ریونیو
9- جناب عمران خالد بٹ صنعت، کامرس و
تجارت
10- جناب محمد نواز چوہان ٹرانسپورٹ
11- جناب اکمل سیف چٹھہ تحفظ ماحول
12- چودھری محمد اسد اللہ خوراک
13- نوابزادہ حیدر مہدی منیجمنٹ اور
پروفیشنل ڈویلپمنٹ

14- لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ شجاعت احمد خان

اشتمال املاک، پی ڈی ایم اے

15- خواجہ عمران نذیر صحت

16- جناب رمضان صدیق بھٹی لوکل گورنمنٹ و

کمیونٹی ڈویلپمنٹ

17- چودھری علی اصغر منڈا ایڈووکیٹ ایس اینڈ

جی اے ڈی

18- جناب سجاد حیدر گجر ہاؤسنگ، شہری

ترقی اور

پبلک ہیلتھ

انجینئرنگ

• بذریعہ قانون و پارلیمانی امور گورنمنٹ آف پنجاب نوٹیفکیشن نمبر

مورخہ دسمبر پارلیمانی سیکرٹریز مقرر کئے گئے۔

8

19- رانا محمد ارشد اطلاعات و ثقافت

20- میاں محمد منیر آبکاری و

محصولات

21- رانا اعجاز احمد نون زراعت

22- محترمہ نغمہ مشتاق بہبود آبادی

23- جناب احمد خان بلوچ پبلک پراسیکیوشن

24- جناب عامر حیات ہراج کان کنی و معدنیات

25- رانا بابر حسین خزانہ

-26	میاں نوید علی	محنت و انسانی

وسائل

-27	جناب محمد نعیم اختر خان بھابھا	مواصلات و

تعمیرات

-28	جناب محمود قادر خان	چیف منسٹر

انسپکشن ٹیم

-29	سردار عاطف حسین خان مزاری	خواندگی و

غیر رسمی بنیادی تعلیم

-30	ملک احمد کریم قسور لنگڑیال	منصوبہ بندی و

ترقیات

-31	سردار عامر طلال گوپانگ	سپیشل ایجوکیشن
-32	مہر اعجاز احمد اچلانہ	داخلہ
-33	چودھری خالد محمود ججہ	آبپاشی
-34	میاں فدا حسین	جنگلات، جنگلی

حیات و ماہی گیری

-35	چودھری زاہد اکرم	کالونیز
-36	محترمہ شاہین اشفاق	کوآپریٹو
-37	محترمہ مہوش سلطانہ	ہائر ایجوکیشن
-38	محترمہ جوئس رُوفن جُولیس	سکولز ایجوکیشن
-39	جناب طارق مسیح گل	انسانی حقوق

و اقلیتی امور

- بذریعہ قانون و پارلیمانی امور گورنمنٹ آف پنجاب نوٹیفکیشن نمبر
مورخہ دسمبر پارلیمانی سیکرٹریز مقرر کئے گئے۔

9

- ایڈووکیٹ جنرل

جناب شکیل الرحمٰن خان

6- ایوان کے افسران

سیکرٹری اسمبلی رائے ممتاز حسین بابر

ڈائریکٹر جنرل پارلیمانی امور اینڈریسرچ جناب

عنایت اللہ لک

سپیشل سیکرٹری حافظ محمد شفیق عادل

11

صوبائی اسمبلی پنجاب

سولہویں اسمبلی کا اکیسواں اجلاس

جمعتہ المبارک،6-مئی 2016

یوم الجمع ،27-رجب المرجب 1437ھ

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز، لاہور میں شام 5بج کر33 منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر رانا محمد اقبال خان منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ قاری محمد علی قادری نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیمo

بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِo

وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَىٰ ﴿١﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَىٰ ﴿٢﴾
وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ ﴿٣﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ﴿٤﴾ عَلَّمَهُ
شَدِيدُ الْقُوَىٰ ﴿٥﴾ ذُو مِرَّةٍ فَاسْتَوَىٰ ﴿٦﴾ وَهُوَ بِالْأُفُقِ
الْأَعْلَىٰ ﴿٧﴾ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلَّىٰ ﴿٨﴾ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ
أَدْنَىٰ ﴿٩﴾ فَأَوْحَىٰ إِلَىٰ عَبْدِهِ مَا أَوْحَىٰ ﴿١٠﴾ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ
مَا رَأَىٰ ﴿١١﴾ أَفَتُمَارُونَهُ عَلَىٰ مَا يَرَىٰ ﴿١٢﴾ وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً
أُخْرَىٰ ﴿١٣﴾ عِندَ سِدْرَةِ الْمُنتَهَىٰ ﴿١٤﴾ عِندَهَا جَنَّةُ الْمَأْوَىٰ ﴿١٥﴾
إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَىٰ ﴿١٦﴾ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَ
مَا طَغَىٰ ﴿١٧﴾ لَقَدْ رَأَىٰ مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَىٰ ﴿١٨﴾

سورة النّجم آیات 1 تا 18

تارے کی قسم جب غائب ہونے لگے(1)کہ تمہارے رفیق محمدؐ نہ رستہ بھولے ہیں نہ بھٹکے ہیں (2) اور نہ خواہش نفس سے منہ سے بات نکالتے ہیں(3) یہ قرآن تو حکم اللہ ہے جو ان کی طرف بھیجا جاتا ہے 4 ان کو نہایت قوت والے نے سکھایا(5) یعنی جبرائیل طاقتور نے پھر وہ پورے نظر آئے(6) اور وہ آسمان کے اونچے کنارے میں تھے (7) پھر قریب ہوئے اور آور آگے بڑھے (8) تو دو کمان کے فاصلے پر یا اس سے بھی کم (9) پھر اللہ نے اپنے بندے کی طرف جو بھیجا سو بھیجا(10)جو کچھ انہوں نے دیکھا ان کے دل نے اس کو جھوٹ نہ جانا(11)کیا جو کچھ وہ دیکھتے ہیں تم اس میں ان سے جھگڑتے ہو؟(12) اور انہوں نے اس کو ایک اور بار بھی دیکھا ہے (13)پرلی حد کی بیری کے پاس(14) اسی کے پاس رہنے کی جنت ہے(15) جبکہ اس بیری پر چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا(16) ان کی آنکھ نہ تو اور طرف مائل ہوئی اور نہ حد سے آگے بڑھی(17) انہوں نے اپنے پروردگار کی قدرت کی کتنی ہی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں(18)

وما علینا الاالبلاغo

نعت رسول مقبول □ جناب عابد رؤف قادری نے پیش کی۔

نعت رسول مقبول □

ایسا کوئی محبوب نہ ہوگا نہ کہیں ہے
بیٹھا ہے چٹائی پر مگر عرش نشیں ہے
تُو چاہے تو ہر شب ہو مثال شبِ اسرَا
تیرے لئے دو چار قدم عرش بریں ہے
ہر اک کو میسّر کہاں اس در کی غلامی
اس در کا تو دربان بھی جبریل امیں ہے
دل گریہ کناں اور نظر سوئے مدینہ
اعظم ترا اندازِ طلب کتنا حسین ہے

جناب سپیکر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔میں سیکرٹری اسمبلی سے کہوں گا کہ وہ پینل آف چیئرمین کا اعلان کریں۔

چیئرمینوں کا پینل

سیکرٹری اسمبلی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ قواعد انضباطِ کار صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے قاعدہ 13 کے تحت جناب سپیکر نے اسمبلی کے موجودہ اجلاس کے لئے مندرجہ ذیل ترتیب سے چار معزز ممبران پر مشتمل پینل آف چیئرمین نامزد فرمایا ہے۔

1-میاں مرغوب احمد، ایم پی اے پی پی-150

2-محترمہ صباء صادق ایڈووکیٹ ، ایم پی اے ڈبلیو-306

3-جناب اعجاز حسین بخاری، ایم پی اے پی پی-15

4-سید محمد سبطین رضا، ایم پی اے پی پی-260

سوالات

محکمہ سکولز ایجوکیشن

نشان زدہ سوالات اور اُن کے جوابات

جناب سپیکر اب وقفہ سوالات شروع ہوتا ہے۔ آج کے ایجنڈے پر محکمہ سکولز ایجوکیشن سے متعلق سوالات پوچھے جائیں گے اور اُن کے جوابات دئیے جائیں گے۔پہلا سوال محترمہ نگہت شیخ کا ہے۔

محترمہ نگہت شیخ جناب سپیکر شکریہ۔میرا سوال نمبر 2753 ہے، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب سپیکر جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

صوبہ میں غیر رجسٹرڈ سکولوں کے خلاف کارروائی کی تفصیلات

محترمہ نگہت شیخ کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف کیا یہ درست ہے کہ حکومت نے صوبہ پنجاب میں غیر رجسٹرڈ نجی سکولوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا ہے؟

ب صوبہ پنجاب میں حکومت نے جنوری تا مارچ کے دوران کل کتنے غیر قانونی اور غیر رجسٹرڈ نجی سکولوں کو سیل کیا اور جرمانے کئے؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان

الف درست ہے۔

ب صوبہ پنجاب میں جنوری تا مارچ کے دوران کل غیر رجسٹرڈ سکول تھے ان میں سے ایک سکول کو سیل کیا گیا اور سولہ سکولوں کو جرمانے کئے گئے۔

جناب سپیکر کوئی ضمنی سوال ہے؟

محترمہ نگہت شیخ جناب سپیکر میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جن سکولوں کو seal کیا گیا ہے اُن کو کتنا جرمانہ ہوا ہے اور اگر انہیں دوبارہ exist ہونے کی اجازت دی جائے گی تو کن شرائط کے تحت دی جائے گی؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر یہ جواب پچھلے سال جمع کروایا تھا لیکن اس کی latest صورتحال ایوان کو بتانا ضروری ہے۔ ایک سکول seal کیا گیا ہے اور overall پچھلے سال ہم نے کافی actively اس پر کام کیا ہے۔ پنجاب پرائیویٹ ایجوکیشن کمیشن بل کے مطابق ڈسٹرکٹ وار کریک ڈاؤن کئے تو پورے پنجاب کے اندر out of 54 thousand ہم نے 29ہزار 625 سکولوں کے خلاف کارروائی کی سکولوں کو لاکھوں روپے 4جرمانے بھی ہوئے ہیں۔ہر سکول کی مختلف کیٹیگری ہے لہٰذا جرمانے لے کر seal بھی ہوئے ہیں۔ ہماری کوشش ہوتی ہے کہ ہم سکول seal نہ کریں کیونکہ اس سے بچوں کی پڑھائی کا نقصان ہوتا ہے جبکہ جرمانے کرنے کی صورت میں categorization wise کافی مثبت نتیجہ نکلا ہے۔

میاں محمد اسلم اقبال جناب سپیکر پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر جی، فرمائیں

میاں محمد اسلم اقبال جناب سپیکر صحافی حضرات بائیکاٹ کر گئے ہیں۔
اوکاڑہ کے اندر جو پولیس گردی ہوئی ہے اس حوالے سے صحافیوں نے آج باہر احتجاج بھی کیا ہے اور ایوان سے بائیکاٹ کر گئے ہیں۔میری گزارش ہے کہ آپ گورنمنٹ کی طرف سے ممبران بھجوائیں جو اُن کے ساتھ بیٹھ کر ان کے مسائل پر بات کریں۔

جناب سپیکر جی، رانا ارشد صاحب اُن کے پاس گئے تھے اور مجھے مل کر گئے تھے۔

میاں محمد اسلم اقبال وہ ہومیو پیتھک ہیں۔

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر میرے خیال میں ملک ندیم کامران اور رانا محمد ارشد نے اُن سے بات کی ہے۔

جناب محمد ارشد ملک ایڈووکیٹ جناب سپیکر یہ ایلوپیتھک ہیں اس لئے انہیں بھجوا دیں۔

جناب سپیکر چودھری شیر علی خان صحافی حضرات کے پاس جائیں اور ساتھ ڈاکٹر سید وسیم اختر کو بھی لے جائیں۔ اگر ڈاکٹر سید وسیم اختر کا اس دوران سوال ہوگا تو اس سوال کو pending کر لیا جائے گا۔آپ دونوں صاحبان جائیں اور ان کو satisfy کریں۔

اس مرحلہ پر وزیر کانکنی ومعدنیات جناب شیر علی خان اور معزز ممبر ڈاکٹر سید وسیم اختر
صحافی حضرات کو منانے کے لئے ایوان سے باہر تشریف لے گئے

جی، محترمہ اس پر آپ کا مزید کوئی ضمنی سوال ہے؟

محترمہ نگہت شیخ جی، نہیں ہے۔

جناب سپیکر اگلا سوال ڈاکٹر نوشین حامد صاحبہ کا ہے۔

ڈاکٹر نوشین حامد جناب سپیکر میرا سوال نمبر 1984 ہے ، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب سپیکر جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

لاہور گورنمنٹ کمپری ہینسو ہائر سیکنڈری سکول کا رقبہ و دیگر تفصیلات

1984 ڈاکٹر نوشین حامد کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ ۔

الف گورنمنٹ کمپری ہینسو ہائر سیکنڈری سکول سنگھپورہ لاہور کا کل کتنا رقبہ ہے نیز کتنے رقبہ پر عمارت اور کتنا رقبہ بطور گراؤنڈ استعمال کیا جاتا ہے؟

ب متذکرہ سکول میں کل کتنے اساتذہ ہیں؟

ج متذکرہ سکول میں آرٹس اور سائنس کے کل کتنے اساتذہ ہیں، آرٹس اور سائنس ٹیچر کی الگ الگ تعداد مع ان کا نام، عہدہ اور گریڈ کی مکمل تفصیل سے ایوان کو آگاہ کیا جائے؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان

الف گورنمنٹ کمپری ہینسو ہائر سیکنڈری سکول سنگھپورہ لاہور کا کل رقبہ 18کنال 5مرلہ ہے۔ 14کنال 5مرلہ پر سکول کی عمارت واقع ہے جبکہ 4کنال بطور گراؤنڈ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

ب متذکرہ سکول میں اساتذہ کی کل تعداد 73ہے۔

ج متذکرہ سکول میں کل 73اساتذہ ہیں جن میں سے 15اساتذہ سائنس اور 58اساتذہ آرٹس کے ہیں۔ ان کے نام، عہدہ اور گریڈ کی مکمل تفصیل Annex-Aایوان کی میز پر رکھدی گئی ہے۔

جناب سپیکر کوئی ضمنی سوال ہے؟

ڈاکٹر نوشین حامد جناب سپیکر یہ سوال 2013 میں بھیجا گیا تھا جس کا جواب 2015میں یعنی دو سال سے بھی زائد عرصہ کے بعد آیا ہے۔ میرا آپ کے توسط سے معزز وزیر سے یہ سوال ہے کہ کیا وزیر موصوف ایسا کوئی ارادہ

رکھتے ہیں کہ اپنے ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی پر کوئی action لیں یا اس پر اُن کو accountable ٹھہرائیں کیونکہ اگر اسمبلی کے سوالات پر اتنا non serious attitude ہوگا تو باقی ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کس طرح چل رہا ہوگا؟ یہ بڑا سادہ سا سوال تھا اور صرف ٹیچرز کی لسٹ مانگی گئی تھی جو کہ ہر سکول میں موجود ہوتی ہے۔ ڈیپارٹمنٹ نے صرف لسٹ provide کرنی تھی اور اس میں کوئی technicality یا مشکل بات نہیں تھی۔

جناب سپیکر جی، منسٹر صاحب کی بات سنتے ہیں۔

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر یہ سوال سکولز ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو 06-10-2015 کو receive ہوا تھا اور ہم نے 13-11-2015 کو اس کا جواب اسمبلی کے اندر جمع کروا دیا تھا یعنی ہمارے پاس ایک مہینہ ہی رہا ہے۔ اس کے علاوہ میں ایوان کے علم کے لئے بتاؤں گا کہ ہمارے پاس اسمبلی کی طرف سے جتنے بھی matters آتے ہیں اُن پر ہم monthly basis پر کام کرتے ہیں اور monthly basis پر ہمارا stock take ہوتا ہے جس پر کام کر کے پھر ہم بتاتے ہیں۔

ڈاکٹر نوشین حامد جناب سپیکر ہمیں جو انفارمیشن provide کی گئی ہے اور اسمبلی کے floor پر جو پیپر رکھا گیا ہے اس میں لکھا ہوا ہے کہ 28-نومبر 2013 کو یہ سوال بھیج دیا گیا تھا لہٰذا اس میں problem کدھر ہے اس کو یہ identify کریں؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر چونکہ مجھے آپ کے ساتھ یہاں کام کرنے کا اعزاز ملا ہے تو جو disparity ہے اُس کو ہم اپنے ڈیپارٹمنٹ کے level پر دیکھیں گے اور اس کو دُور کریں گے۔

جناب سپیکر جی، محترمہ اگلا سوال بھی آپ کا ہے۔

ڈاکٹر نوشین حامد جناب سپیکر سوال نمبر 1985 ہے، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب سپیکر جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

لاہور گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سنگھپورہ سکول میں اساتذہ کی تعداد و دیگر تفصیلات

ڈاکٹر نوشین حامد کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول سنگھ پورہ لاہور میں اساتذہ کی کل کتنی اسامیاں منظور شدہ ہیں نیز کتنی اسامیاں خالی ہیں۔ یہ کب تک پر کر دی جائیں گی؟

ب متذکرہ سکول میں کون کون سی ہیں نیز ان کی کمی کو کب تک پورا کر دیا جائے گا؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان

الف گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول سنگھ پورہ لاہور میں اساتذہ کی کل منظور شدہ اسامیاں ہیں اور ان میں سے اسامیاں خالی ہیں جبکہ اساتذہ کام کر رہے ہیں۔ خالی اسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہے

خالی اسامیوں کی تفصیل	عہدہ
دو سبجیکٹ سپیشلسٹ	ایس ایس
چار ایس ایس ٹیز	ایس ایس ٹی
چار ای ایس ٹیز	ای ایس ٹی

درجہ بالا اسامیوں کے پُر کرنے کے حوالے سے گزارش ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اور الیکشن کمیشن کی جانب سے تبادلہ جات پر پابندی عائد ہے۔تبادلہ جات پر پابندی ختم ہونے پر خالی اسامیاں پر کر دی جائیں گی۔ مزید برآں محکمہ کی سطح پر ایجوکیٹر ز کی بھرتی کے لئے پراسس شروع کر دیا گیا ہے اور بھرتی مکمل ہونے پر مذکورہ خالی اسامیاں پُر ہو جائیں گی۔

ب متذکرہ سکول میں اس وقت کوئی بھی مسنگ فسلیٹیز نہ ہیں اور تمام بنیادی ضروریات یعنی بجلی ، پانی، گیس ،چاردیواری اور بلڈنگ موجود ہے۔

جناب سپیکر کوئی ضمنی سوال ہے؟

ڈاکٹر نوشین حامد جناب سپیکر سوال یہ کیا گیا تھا کہ خالی اسامیاں کب تک پُر کر دی جائیں گی جس کے جواب میں انہوں نے بتایا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اور الیکشن کمیشن کی جانب سے تبادلہ جات پر پابندی عائد ہے تو اب الیکشن ختم ہو گیا ہے اور اگلا الیکشن سر پر ہے شاید مڈٹرم بھی ہو جائے تو یہ پابندی کب تک رہے گی؟

اس مرحلہ پر معزز خواتین ممبران حزب اقتدار کی طرف سے

یہ منہ اور مسور کی دال کی آوازیں

جناب سپیکر آرڈر، پلیز۔جی، منسٹر صاحب

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر محترمہ کی بات پر میں یہی کہہ سکتا ہوں کہ

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش
پر دم نکلے
بہت نکلے میرے ارماں لیکن پھر
بھی کم نکلے

نعرہ ہائے تحسین

جناب سپیکر جب سوال ہمارے پاس آیا تو لاہور میں اس وقت ضمنی الیکشن ہو رہا تھا لیکن اب یہ ! # #" !ہو چکا ہے، این ٹی ایس ہو چکا ہے اور امسال تمام خالی اسامیوں پر بھرتی مکمل ہو جائے گی۔

جناب سپیکر جی، ٹھیک ہے۔

ڈاکٹر نوشین حامد جناب سپیکر اسی سے $ " سوال ہے کہ میں وزیر اعلیٰ نے ایک آرڈر دیا تھا کہ تمام کنٹریکٹ بھرتیوں کو & " % "کیا جائے لیکن آج تک بہت سارے اضلاع میں وہ بھرتیاں & " % "نہیں ہوئیں اور کنٹریکٹ پر ہی چل رہی ہیں جس کی وجہ سے بھی یہ تبادلے کرنے میں ' "#" !ہوں گی تو میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جن اضلاع میں یہ بھرتیاں & " % "نہیں ہوئیں وہ کب تک ہو جائیں گی؟

جناب سپیکر جی، منسٹر صاحب

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر یہ ایک
#" !ہے جس میں تین سال کا پیریڈ ہوتا ہے اور جو ٹیچر یہ پیریڈ مکمل کر
لیتا ہے پھر اسے)" اور)" " ! " کرواتے ہیں اور اس
کے بعد آتی ہیں۔ یہ * (!جہاں جہاں پر
! # ہوتا جا رہا ہے وہاں پر ہم انہیں" % "کرتے جا رہے ہیں اور جو
لوگ یہ معیار پورا کر لیں گے انہیں" % "کرتے جائیں گے۔ اس کے ساتھ
کو جن ٹیچرز کے تین سال پورے ہو گئے تھے ان تمام کو
" % "کرنے کے آرڈر جاری ہو چکے ہیں۔

جناب سپیکر چلیں، یہ تو بڑی مبارکباد کی بات ہے۔

میاں محمد اسلم اقبال جناب سپیکر یہ اسامیاں ہی پوری نہ کریں بلکہ اپنی
خامیاں بھی دور کریں۔

ڈاکٹر نوشین حامد جناب سپیکر میرے نوٹس میں ہے کہ ضلع سرگودھا کی
کچھ ایسی ٹیچرز موجود ہیں جو چار سال سروس ہونے کے باوجود بھی ابھی
تک & " % "نہیں ہوئیں؟

جناب سپیکر آپ ان کے متعلق انہیں بتادیں وہ نوٹس لیں گے۔

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر انہوں
نے%# ! # کیا ہے تو
انشاء اللہ تعالیٰ میں سرگودھا کا بھی دیکھلوں گا۔ میاں محمد اسلم اقبال نے
جو بات کی ہے تو
ان کی خامیاں پوری قوم کے سامنے ہیں جنہیں پوری قوم دیکھ رہی ہے۔

ڈاکٹر نوشین حامد جناب سپیکر پچھلے دو سال سے اس سے $ "بہت
سارے سوال آئے ہیں اور ہر بار منسٹر صاحب کا یہی جواب ہوتا ہے لیکن اس
پر ہمیں کوئی " #" !" ('% نہیں بتائی گئی۔

جناب سپیکر جی، منسٹر صاحب

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر میرا خیال ہے کہ اس سے ایک چیز تو ثابت ہوتی ہے کہ میں اپنی بات کا پکا ہوں اور جو کہتا ہوں اس پر کھڑا رہتا ہوں۔ قہقہہ

جناب سپیکر ہم اس کو پورا کر لیں گے۔

میاں محمد رفیق جناب سپیکر ضمنی سوال ہے۔

جناب سپیکر آپ کو کیا ہو گیا؟

میاں محمد رفیق جناب سپیکر مالیخولیا ہو گیا۔ ایوان میں قہقہے

جناب سپیکر آپ مہربانی کر کے کسی مائیک پر ہو جائیں۔

میاں محمد رفیق جناب سپیکر میرے پاس مائیک ہے جسے آپ کا سٹاف بند رکھتا ہے اور آپ کے اشارے پر وہ کھولتے ہیں۔

جناب سپیکر اس سسٹم کے سارے بٹن آپ کو نہ دے دیں اور آپ ہی اسے چلاتے رہیں؟

میاں محمد رفیق جناب سپیکر نہیں، مجھے یہ ایک ہی دے دیں تو عنایت ہو گی۔

جناب سپیکر چلیں، ٹھیک ہے۔ آپ اپنے بٹن کو #کر لیں یہی بڑی بات ہو گی۔

میاں محمد رفیق جناب سپیکر سوال نمبر پر ضمنی سوال وزیر موصوف سے یہ ہے کہ اس سکول میں بچوں کی کتنی تعداد ہے کیونکہ یہاں پر اسامیوں پر اساتذہ بھرتی ہیں اور ابھی *میں کتنی اور ہوں گی، شاید یہ سے بڑھ جائیں گی تو یہاں پر تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کی تعداد بتا دی جائے؟

جناب سپیکر جی، منسٹر صاحب

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر یہاں پر بچے اس وقت تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

میاں محمد رفیق جناب سپیکر میرے اپنے گاؤں کے سکول میں۔۔۔

جناب سپیکر نہیں۔ میاں صاحب آپ اس سوال سے متعلقہ بات کریں اور اپنے گاؤں اور سکول کی بات نہ کریں۔ آپ کی بڑی مہربانی۔ میں اس سوال سے متعلقہ بات سنوں گا۔ اس کے علاوہ نہیں سنوں گا۔ اگلا سوال محترمہ فائزہ احمد ملک کا ہے۔

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر میرے سوال کا نمبر   ہے، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب سپیکر جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

لاہور ڈی ای او کی اسامیوں کی تعداد و دیگر تفصیلات

محترمہ فائزہ احمد ملک کیا وزیر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف ڈی ای او کی لاہور میں کتنی پوسٹیں ہیں، یہ کس کس گریڈ کی ہیں اور ان پر تعیناتی کے لئے کیا معیار ہے؟

ب اس وقت ان اسامیوں پر تعینات ملازمین کے نام، عہدہ، گریڈ، تعلیمی قابلیت اور تجربہ کی تفصیل نیز ان کی تعلیمی اسناد کی فوٹو کاپیاں بھی فراہم کریں؟

ج کیا ان کی تعلیمی اسناد کی تصدیق کبھی محکمہ نے کروائی ہے تو کب، اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

د کیا ان کی کارکردگی سے حکومت مطمئن ہے اگر ان کی کارکردگی سے مطمئن نہ ہے تو پھر ان کو یہاں سے ان پوسٹوں سے ٹرانسفر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو کیوں؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان

الف ضلع لاہور میں ڈی ای او کی سات پوسٹیں ہیں جن میں سے چھ پوسٹیں جنرل کیڈر کی ہیں جبکہ ایک پوسٹ ڈی ای او ایجوکیشن ایکس ایم سی ایل کیڈر کی ہے۔یہ گریڈ کی پوسٹیں ہیں اور ان پر تقرری سیکرٹری سکولز ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کرتا ہے۔ ای ڈی اوز کی تعیناتی سکولز ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی قائم کردہ سرچ کمیٹی کے ذریعے ہوتی ہے اور محکمہ کے سینئر افسران انتظامی تجربہ کے حامل امیدواروں کو باقاعدہ انٹرویو کے ذریعے ڈی ای او کی پوسٹ پر تعینات کرتے ہیں سرچ کمیٹی کی کاپی + ایوان کی میز پر رکھدی گئی ہے۔

ب اس وقت ان اسامیوں پر کام کرنے والے افسران کے نام، عہدہ، تجربہ کی تفصیل اور تعلیمی اسناد کی کاپیاں ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہیں۔

ج ماضی میں ضرورت نہ ہونے کے سبب اسناد کی تصدیق نہ کروائی گئی۔تاہم اب تمام ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ اپنی تعلیمی اسناد کی تصدیق کرواکے ان کی کاپیاں فوراً مہیا کریں تاکہ انہیں ان کے ذاتی ریکارڈ کا حصہ بنایا جاسکے۔

د حکومت صوبے کی سطح پر تمام اضلاع سے تعلیمی امور اور اصطلاحات پر عملدر آمد کروانے کے لئے بدستور رابطے میں رہتی ہے۔ڈی ای او ایک اہم اور ذمہ دار ضلعی آفیسر ہوتا ہے۔ اگر کسی ڈی ای او کی طرف سے دفتری اور انتظامی امور کے حوالے سے کوئی کوتاہی سامنے آئے تو اُس ڈی ای او کو اس کی پوسٹ سے ٹرانسفر کر دیا جاتا ہے۔

جناب سپیکر کوئی ضمنی سوال ہے؟

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر میرے بھی سوال کی حالت وہی ہے جو مجھ سے پہلے میری بہن کے سوال کی تھی---

جناب سپیکر آپ ضمنی سوال کریں پھر میں پوچھتا ہوں کہ حالت کیسی ہوتی ہے؟

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر اس سوال کا جواب

کو اسمبلی میں آیا جبکہ یہ سوال کو جمع کروایا گیا تھا

جس کی محکمہ کو ترسیل کو ہوئی اور جواب میں آرہا

ہے۔ظاہر ہے کہ جو تفصیل ہمیں دی جاتی ہے وہ ابھی ہمیں اسمبلی میں بیٹھے ہوئے دی گئی تو اس صورت میں جواب کی تصدیق نہیں ہو سکتی کہ جواب کس حد تک درست ہے لیکن بہرحال جو انہوں نے جواب دیا ہے اس پر میں وزیر موصوف سے یہی ضمنی سوال کروں گی کہ آپ بے شک اپنی بات پر قائم رہتے ہیں لیکن اپوزیشن کی طرف سے سوال اس لئے جمع نہیں کروائے جاتے کہ ہم آپ کو ہدف بنائیں بلکہ سوالات جمع کروانے کا ہمارا مقصد یہ ہوتا ہے کہ محکمہ جات کی کارکردگی کو بہتر بنایا جا سکے۔ آپ کو اس لئے وزیر نہیں بنایا گیا کہ آپ اپنی بات پر قائم رہیں بلکہ آپ کو اس لئے وزیر بنا کر بٹھایا گیا ہے کہ آپ ان محکموں کی سمت درست کریں۔۔۔

جناب سپیکر محترمہ آپ اپنا ضمنی سوال کریں۔

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر جب میرٹ سے ہٹ کر بھرتیاں کی جائیں گی اور میرٹ سے ہٹ کر لوگوں کو تعینات کیا جائے گا تو % "

#" &رہے گا۔۔۔

جناب سپیکر اس کی مثال بتائیں تو میں ان سے پوچھتا ہوں۔

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر کسی بھی محکمہ میں گریڈ کا

بندہ گریڈ میں بھرتی کیا جائے تو کیا میرٹ بنتا ہے؟

جناب سپیکر کیا بھرتی کیا جائے؟

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر کسی بھی گریڈ کے بندے کو

گریڈ میں بھرتی کر دیا جائے اور اسے گریڈ کی پوسٹ دے دی جائے تو

کیا یہ میرٹ بنتا ہے؟

جناب سپیکر ایسا نہیں بلکہ وہ #کر رہے ہوں گے۔ ایسی کوئی بات

نہیں ہے۔

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر میرٹ نہیں بنتا۔

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر اس حوالے سے کوئی ایک ایسی مثال بتا دیں۔ دوسری بات یہ کہ جہاں تک میرٹ کی بات ہے تو اس کے جواب میں پوری $دی ہوئی ہے۔ میں محترمہ کا بہت احترام کرتا ہوں اور میں صرف یہ کہوں گا کہ کوئی ایک مثال بتائیں تو ہم اسے دیکھیں گے اور اگر کسی کو " (#دیا ہو۔۔۔

جناب سپیکر نہیں، آپ اس بات کو چھوڑ دیں۔

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر جی، ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر اگلا سوال بھی محترمہ آپ کا ہے۔

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر میرے سوال کا نمبر ہے، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب سپیکر جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

ضلع لاہور بوائز و گرلز سکولوں کو ضم کرنے کی تفصیلات

محترمہ فائزہ احمد ملک کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف کیا یہ درست ہے کہ ضلع لاہور میں حکومت پنجاب نے بوائز و گرلز پرائمری، مڈل اور ہائی سکول کو " کر دیا ہے، ان سکولوں میں کتنے سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے ہیں؟

ب ضلع لاہور میں کل کتنے بوائز و گرلز سکولوں کو " کیا گیا، سکول کا نام اور ٹاؤن نام تفصیل سے بیان کریں؟

ج کیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع لاہور میں جن بوائز و گرلز پرائمری، مڈل و ہائی سکولوں کو دوسرے سکولوں میں " کیا گیا ان کی بلڈنگ خالی پڑی ہے یا ان کی بلڈنگ پر بااثر لوگوں نے قبضہ کر لیا

ہے اگر خالی پڑی ہے تو مذکورہ بلڈنگ کو کس مقصد کے لئے استعمال کیاجارہاہے؟

د کیایہ بھی درست ہے کہ ان سکولوں میں طلباء و طالبات کے ساتھ ساتھ میل اور فی میل ٹیچر اکٹھے ہی پڑھا رہے ہیں جس سے بچیوں کی انرولمنٹ میں خاص کمی ہو رہی ہے؟

ہ اگر جز ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو حکومت بوائز اور گرلز سکولوں کو علیٰحدہ علیٰحدہ کرنے کاارادہ رکھتی ہے؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانامشہود احمدخان

الف درست ہے۔ضلع لاہور میں سات مسجد مکتب، دو گرلز پرائمری، بارہ بوائز پرائمری اور ایک بوائز مڈل سکول کو " کیاگیاہے ان میں سے سٹی ڈسٹرکٹ کا صرف ایک سکول ہے۔ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ بوائز مڈل سکول کوٹ لکھپت کو سٹی ڈسٹرکٹ ہائی سکول پنڈی راجپوتاں میں " کیاگیاہے۔

ب ضلع لاہور میں بیس بوائزاور دو گرلز سکولوں کو " کیا گیا ہے۔ان کی لسٹ + ایوان کی میز پر رکھدی گئی ہے۔

ج درست نہ ہے۔ضلع لاہور میں جن سکولوں کو " کیا گیا ہے۔وہ مسجد مکتب سکیم کے تحت مساجد میں قائم کئے گئے تھے جو بعد ازاں متعلقہ مساجد انتظامیہ کے حوالے کر دیئے گئے ہیں اس طرح بلڈنگ خالی ہونے یا ان پر بااثر لوگوں کے قبضے کا جواز نہیں بنتا۔

د باور کرایا جاتا ہے کہ پرائمری لیول تک بعض سکولوں میں طلباء و طالبات ایک ساتھ تعلیم حاصل کر رہے ہیں لیکن مڈل لیول میں گرلز سکولوں میں صرف طالبات اور بوائز سکولوں میں صرف طلباء پڑھتے ہیں جبکہ گرلز سکولوں میں صرف فی میل ٹیچرز پڑھاتی ہیں تاہم چندبوائز مڈل سکولوں میں کچھ فی میل ٹیچرز بھی پڑھا رہی ہیں چونکہ مڈل لیول پر گرلز سکولوں میں صرف فی میل ٹیچرز ہی پڑھاتی ہیں لہٰذا اس سے بچیوں کی تعداد میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔

ہ بوائز اور گرلز سکولوں کی مرجنگ کے معاملے پر حکومت نے باقاعدہ ایک پالیسی واضع کر رکھی ہے قانون میں کسی بھی بااثر شخص کو سکول پر قبضہ کرنے کی اجازت نہ ہے۔اور اس ضمن

میں حکومت نے سخت ہدایات جاری کر رکھی ہیں۔چونکہ پرائمری لیول کے بچے چھوٹے ہوتے ہیں لہٰذا وہاں فی میل ٹیچرز پڑھا سکتی ہیں۔ان سکولوں کو حکومت علیحدہ کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی۔

جناب سپیکر کوئی ضمنی سوال ہے؟

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر اس سوال میں بھی میرا پہلا پوائنٹ یہی ہے کہ اس سوال کی تاریخ وصولی ہے جس کا جواب میں آیا ہے۔پہلے ہی منسٹر صاحب نے جو یہاں پر ابھی دی ہے کہ ہم ایک ماہ کے اندر اندر جوابات نکال دیتے ہیں تو پہلی بات یہاں پر ہی غلط ہو جاتی ہے کہ جب تین سال کے بعد آپ جواب دیں---

جناب سپیکر محترمہ آپ ضمنی سوال کریں۔

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر یہ ضمنی سوال ہی ہے جو کہ سوال سے متعلقہ ہے---

جناب سپیکر نہیں، یہ ضمنی سوال نہیں ہے۔محترمہ جب سوال کی باری آئے گی تو اس وقت ہی %, کیا جائے گا۔

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر نہیں باری کیسے؟ اسمبلی سے تو یہ چلا گیا اور جب اسمبلی سے وقت پر چلا گیا تو محکمہ تین سال سے---

جناب سپیکر جواب آگیا ہے ناں۔اب آپ ان سے ضمنی سوال پوچھیں۔

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر تین سال کے بعد میرے سوال کا جواب آیا ہے۔

جناب سپیکر نہیں۔ آپ ایسے نہ کریں۔ ضمنی سوال کرنا چاہتی ہیں تو پوچھیں؟

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جن سکولوں کی " آپ نے لکھی ہے ان میں بوائز اور گرلز سکول شامل ہیں تو مجھے " کی وجوہات بتائیں؟

جناب سپیکر جی، منسٹر صاحب

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر جب کسی سکول کو " کیا جاتا ہے تو اس کی # " " $ہوتی ہیں اور اس حوالے سے محکمہ نے ! معیار بنایا ہوا ہے کہ جن سکولوں میں طلباء کی تعداد کم ہو، جہاں پر انرولمنٹ کم ہو، جہاں پر کے % ہوں اور خاص طور پر وہ پرائمری سکول " کئے گئے ہیں جو مسجد مکتب تھے اور جن کی بلڈنگ سکولز ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی نہیں تھی۔ مسجد مکتب کے تحت زیادہ سکول چل رہے تھے جنہیں " کر کے بہترین ٹیچرز اور سارا کچھ مہیا کیا گیا ہے۔ جہاں جہاں پر یہ کیا گیا ہے وہاں کے لوگ بھی مطمئن ہیں اور بچوں کے نتائج بھی اس دفعہ بڑے اچھے آئے ہیں اور اس کا ایک بڑا !) # !آیا ہے۔

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر جو مجھے جواب دیا گیا ہے اس میں سے سات سکول مسجد مکتب۔۔۔

جناب سپیکر محترمہ آپ کون سا جز پڑھ رہی ہیں؟

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر جز الف ہے۔

جناب سپیکر اچھا جی۔

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر بقول منسٹر صاحب سات سکول مسجد مکتب کے ہیں حکومت کا دعویٰ پڑھے لکھے پنجاب کا ہے آپ روشن پاکستان بنانے جا رہے ہیں، پنجاب کو ایجوکیشن کے ذریعے روشن کر رہے ہیں لیکن لاہور جیسے بڑے شہر کے اندر اگر #" کم ہونے کی وجہ سے سکولوں کو " کیا جائے۔ میں آگے نہیں جاتی میں صرف لاہور کی بات کر رہی ہوں کہ اتنے بڑے شہر کے اندر اگر بچے سکول میں کم ہیں اور تعداد کم ہونے کی وجہ سے آپ سکولوں کو " کرتے ہیں تو اس کے بعد ہمارے پاس کیا بات رہ جاتی ہے کہ ہم کہاں تک کامیاب ہیں اور کہاں تک ناکام ہیں۔ ایک واضح مثال ہے کہ یہ صرف سات سکول نہیں ہیں سات سکول تو مکتب والے ہیں جن کو آپ کہہ رہے ہیں کہ بہترین دینے کے لئے ان کو " کیا ہے اگر " کرنے کا معیار یہ ہے کہ بچے کم ہیں، تعداد کم ہے تو پھر سوال یہ ہے کہ #" کیوں نہیں ہے؟ جبکہ حکومت کی

ساری توجہ بچوں کی تعداد میں اضافہ کرنے اور بچوں کو سکول لانے پر ہے تو میں منسٹر صاحب سے یہ جاننا چاہوں گی کہ ان سکولوں میں بچوں کی تعداد کیوں کم ہے اور خاص طور پر لاہور پر میرا " # ہے کہ لاہور جیسے بڑے شہر میں اگر جو بچیاں اور بچے سکول نہیں آنا چاہتے تو حکومت اُس کے لئے کیا اقدامات کر رہی ہے؟

جناب سپیکر جی، منسٹر صاحب

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر ---

جناب سپیکر جی، یہ پالیسی بہت لمبی چوڑی ہے اب بتانا پڑے گی۔

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر میں اب اُسی کی طرف آنے لگا ہوں بات یہ ہے کہ جب میں ہماری حکومت آئی تھی اُس وقت ہم نے سکول")# , کئے تھے اُس وقت سکولوں کی تعداد زیادہ تھی جن کو کم کر دیا گیا۔ اس سے پہلے جو سکول بنائے گئے تھے اُن کے پیچھے کوئی # نہیں تھی، جس کسی نے کہا وہاں پر سکول بنا دیا گیا جس کی وجہ سے یہ ہوا کہ کئی سکول ایسے تھے جن میں سات بچے تھے، کہیں پر آٹھ بچے تھے اور کہیں پر سولہ بچے تھے اُن کے لئے '% %" " مہیا کرنا اور اُن کو چلانا بڑا مشکل تھا۔ پھر حکومت ایک بڑی جامع پالیسی لے کر آئی اور اُس کے اندر پہلی دفعہ ان تمام سکولوں کی , " # کی گئی، ان تمام سکولوں کا پورا سروے کیا گیا اور اُن تمام سکولوں کے ارد گرد کی آبادیوں کا ریکارڈ اکٹھا کیا گیا وہاں پر بچوں کی جو # "ہے اُس کو سامنے رکھا گیا، پھر اُس کے بعد ہم نے جو ہزار سکولز۔ $ کئے اُن سکولوں کے اندر کی #)#" !کی جس پر اربوں روپیہ حکومت نے لگایا اُس میں چار دیواری (* ." * , "$. ##"

'% '% اور پھر اس کے بعد جو ٹیچرز کی کمی تھی اُس کو % # کیا۔ اس سال ہمارے پانچ ہزار سکول جو $ " #ہیں جہاں پر بجلی نہیں ہم اُن کو سولر پر لے کر جا رہے ہیں اور ہم نے اس کے ساتھ ساتھ /#' ! "#" ! # " کیا۔ پہلی دفعہ ہوا کہ ان سکولوں کی ' "# # کے اوپر جو ہمارے 1 . 1 0 اور جو 12 جاتے ہیں ان کے ذریعے شروع ہوئی

محترمہ کے اس سوال کے ضمن میں عرض ہے کہ یہ حکومت کا وژن ہے، یہ حکومت کا) # "ہے کہ ہم نے ان بچوں کو سکولوں میں لے کر آنا ہے جس کا رزلٹ کیا نکلا کہ میں جب ہم نے یہ سارے کام شروع کئے تو سرکاری سکولوں میں لاکھ بچے جاتے تھے آج اُن بچوں کی تعداد ایک کروڑ لاکھ سے اوپر ہے۔ لاہور میں #" کے اندر تاریخی اضافہ ہوا ہے اس کے ساتھ ساتھ جو ہم نے پنجاب ایجوکیشن فاونڈیشن ---

جناب سپیکر آپ تقریر پوری طرح پھر بعد میں کریں۔

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر انہوں نے پوچھا تھا تو یہ اس کا جواب ہے۔

جناب سپیکر بس کریں۔ مہربانی انہوں نے بات سمجھ لی ہے۔

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر مہربانی۔

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر ہمیں باخوبی علم ہے پورے پنجاب کو پتا ہے کہ منسٹر صاحب پنجاب کی نمائندگی کر رہے ہیں اور ان کو منسٹر اسی لئے بنایا گیا ہے کہ یہ پالیسی دیں لیکن میرے سوال کا جواب پھر بھی نہیں آیا۔ یہ لسٹ مجھے محکمہ کی طرف سے دی گئی ہے اس میں لاہور کے سکولوں کے نام ہیں خدا کا خوف کریں جو خواب آپ دکھا رہے ہیں اور جو نعرے آپ ہمیں سنا رہے ہیں لاہور میں ---

جناب سپیکر محترمہ ضمنی سوال کریں، آپ کیا کر رہی ہیں؟

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر حد ہو گئی ہے یعنی وہ تقریر کریں تو کوئی بات نہیں ہم ---

جناب سپیکر محترمہ آپ ضمنی سوال پوچھیں میں اُن سے جواب لیتا ہوں۔

محترمہ فائزہ احمد ملک جناب سپیکر میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ مجھے محکمہ نے بائیس سکولوں کی لسٹ فراہم کی ہے یہ جو بائیس سکول ہیں ان کو !#) $کرنے کی بجائے، ان کے اندر بچے لانے کی بجائے، #" بڑھانے کی بجائے یہ سکول " کر کے وہاں پرائیویٹ سکولوں کو # #" !کیا جا رہا ہے۔ یہ سکول اس لئے بند کئے گئے ہیں کہ جو

پرائیویٹ سکولوں کا مافیا ہے اس کو #" کیا جا رہا ہے یہ میرا ضمنی سوال ہے۔آپ پرائیویٹ سکولوں کو # #" !کر رہے ہیں، آپ نے سرکاری سکول بند کر دئیے ہیں سرکاری سکولوں میں بچوں کو جو دینے کی بات آپ کر رہے ہیں وہ بھی جھوٹ ہے۔

جناب سپیکر جی، منسٹر صاحب

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ جتنا بڑا *#$, " پرائیویٹ سکولز کے اوپر اس حکومت نے کیا اور جب ہم نے دیکھا کے فیسیں بڑھائی جا رہی ہیں تو اُس کو ہم نے کے اوپر نہ صرف & " کیا بلکہ انہوں نے خود کہا کہ پرائیویٹ سکولوں کے خلاف ایکشن کیا جارہا ہے تو سب سے بڑا *#$, " پرائیویٹ سکولوں کے خلاف اس حکومت کا ہے، یہ میاں محمد شہباز شریف کا اور اُن کی ' کا کریڈٹ ہے کہ سب سے بڑا *#$, " پرائیویٹ سکولز کے خلاف پنجاب حکومت نے کیا اور والدین اُن کے دکھوں کو دیکھتے ہوئے فیسوں کو کے اوپر & " کیا تو ہمارے اوپر یہ الزام نہیں لگایا جا سکتا کہ پرائیویٹ سکولز کو ہم # #" !کر رہے ہیں بلکہ ہمارے ان تمام ! کی وجہ سے #" بڑھی ہے۔

میاں محمد اسلم اقبال جناب سپیکر ضمنی سوال ہے۔

جناب سپیکر جی، فرمائیں

میاں محمد اسلم اقبال جناب سپیکر ایک سائڈ پر یہ سیریل نمبر سے تک سکولوں کو " کیا گیا جو ہمارے سامنے لسٹ رکھی گئی ہے اُس میں بتایا گیا ہے۔آپ یہ بتا دیں ایک سکول کو جب دوسرے سکول میں " کیا گیا تو پہلے والے سکول کی جگہ خالی ہو گئی تو اُن بائیس خالی سکولوں کی جگہ کو کیسے استعمال کیا گیا اس کا جواب دے دیں؟

جناب سپیکر جی، منسٹر صاحب

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر اگر آپ اس کا جز ج پڑھیں تو اس کے اندر جو ہم نے سکول " کئے ہیں اُن میں جو سکولز آئے ہیں " کا مطلب یہ نہیں ہے یہ " % بھی بن جاتے ہیں دو سکولوں کی جگہ پر ایک سکول ہو جاتا ہے، وہاں پر کلاسز بھی جاری رہتی ہیں، وہاں پر ٹیچر ز بھی ہوتے ہیں اور وہ آ بھی رہے ہوتے ہیں۔صرف جو مسجد مکتب سکول تھا جن کا کچھ نہیں تھا، جن کی بلڈنگ نہیں تھی وہاں پر اُن کو ہم نے مساجد کے حوالے کیا۔باقی ہر جگہ پر سکول چل بھی رہے ہیں کوئی ایک '% %" #$ ' نہیں ہے بلکہ ہم نے وہاں پر ٹیچرز کا بھی اضافہ کیا ہے ،وہاں پر بھی دی ہیں لیکن سکول ایک" ' کے نیچے کر دیا گیا۔

میاں محمد اسلم اقبال جناب سپیکر گزارش ہے کہ ایک علاقے میں دو سکول ہیں انہوں نے اُن کو " کر دیا بہت اچھی بات ہے کر دیں، انہوں نے پتا نہیں !کروائی ہے ،انہوں نے سروے کروایا ہے،ادھر بچے پیدا نہیں ہو رہے ،انہوں نے کیا کر دیا ؟ میں ان سے یہ پوچھ رہا ہوں کہ جب ایک سکول تھا ،اُس کو آپ نے دوسرے سکول میں " کیا بہت اچھی بات لیکن پہلے سکول کی بلڈنگ کدھر ہے ؟

جناب سپیکر منسٹر صاحب اُس کو مسجد مکتب کہہ رہے ہیں۔

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان جناب سپیکر میں میاں صاحب سے ہی کہتا ہوں کہ اگر انہوں نے اپنے حلقے کے سکول)کئے ہوتے تو آج ہمیں یہ بتاتے کہ یہ بلڈنگ " ہونے کے بعد بھی خالی پڑی ہے ۔معذرت کے ساتھ اگر یہ یہاں پر "# # !نہ کریں اور)کرنے کے بعد بتائیں ان کے حلقے میں ایک بھی ## ($ #$ ' موجود نہیں۔

میاں محمد اسلم اقبال جناب سپیکر اب مجھ سے ان کی اصلیت سن لیں سر سید سکول کو سال ہو گئے ہیں، وہ سڑک کے اوپر سکول لگتا ہے دفعہ ان کے 2 1 3 کو میں کہہ چکا ہوں وہ قومی اسمبلی کے سپیکر کا حلقہ ہے یہ باتیں کرتے ہیں، پرائم منسٹر اُدھر آئے ،چیف منسٹر اُدھر آئے، اُن کی آل اولاد

اُدھر آئی، ووٹ لینے آجاتے ہیں کام کرنے کے لئے انہیں توفیق نہیں ہوتی کہ وہاں پر سکول ٹھیک کر دیئے جائیں یہ باتیں کرتے پھرتے ہیں۔

جناب سپیکر آپ ضمنی سوال کریں۔

میاں محمد اسلم اقبال جناب سپیکر یہ میرا ضمنی سوال ہے، وزیر صاحب سے گزارش ہے کہ ضمنی سوال سن لیں۔

MR SPEAKER: Order please, order please.

میاں محمد اسلم اقبال جناب سپیکر مجھے یہ بتادیں کہ ڈیرہ غازی خان میں تو چھوٹو گینگ کا خاتمہ ہوگیا حکومت پنجاب میں چھوٹو گینگ کا خاتمہ کب ہوگا؟

جناب سپیکر یہ بات اس کے متعلقہ نہیں آپ سوال کے متعلق بات کریں۔ مہربانی کریں۔

ڈاکٹر سید وسیم اختر جناب سپیکر ---

جناب سپیکر جی، شاہ صاحب

ڈاکٹر سید وسیم اختر جناب سپیکر آپ کے حکم پر یہ---

میاں محمد اسلم اقبال جناب سپیکر یہ چھوٹو گینگ کے نام سے کیوں گھبراتے ہیں۔

جناب سپیکر جی، بڑی مہربانی آپ کا ہی ہوگا جو کچھ ہوگا آپ اپنی بات کریں۔آرڈر پلیز، آرڈر پلیز۔

میاں محمد اسلم اقبال جناب سپیکر چھوٹو گینگ کمیشن لے رہا ہے اُس کا خاتمہ کب ہوگا؟نندی پور سے تنور روٹی سے---

جناب سپیکر آپ سوال پر آئیں،تشریف رکھیں بڑی مہربانی شاہ صاحب آپ بات کریں۔

ڈاکٹر سید وسیم اختر جناب سپیکر میں اور منسٹر صاحب آپ کے حکم پر صحافی بھائیوں کے پاس گئے تھے اور الحمداللہ وہ تشریف لے آئے ہیں اور انہوں نے دو تین مطالبات سامنے رکھیں ہیں۔اوکاڑہ کے اندر وہاں کے ڈی پی او نے چینل کے اینکر پرسن کے خلاف ایک سچ کو دکھانے کے حوالے سے متعدد مقدمات درج کئے ہیں۔وہ کہتے ہیں کہ یہ مقدمات واپس لئے جانے چاہئیں، ڈی پی او، اوکاڑہ نے ناجائز مقدمے درج کئے ہیں اس لئے ان کو

$! % کیا جائے اور ان کے خلاف کارروائی ہونی چاہئے۔ اس کے علاوہ پچھلے دنوں رانا وحید صاحب جو اسی ایوان میں صحافی کارکن تھے ان کا اوکاڑہ میں" $'% ہوا ہے۔صحافیوں کا کہنا ہے کہ کافی دن گزر چکے ہیں گھنٹے کے اندر اندر ان کے قاتل کو گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ہم نے ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کی ہے اور کہا ہے کہ ہم انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ مل کر آپ کی دادرسی کی کوشش کریں گے۔آپ بھی اس پر کچھ ارشاد فرما دیں تو انشاء اللہ یہ معاملہ حل ہو جائے گا اب وہ تشریف لے آئے ہیں۔

جناب سپیکر ان کا شکریہ اور شاہ صاحب ِ آپ کا بھی شکریہ۔ اگلا سوال چودھری فیصل فاروق چیمہ کا ہے۔کیا وہ تشریف رکھتے ہیں؟

ملک تیمور مسعود جناب سپیکر میں ان کے (' پر ہوں۔

جناب سپیکر جی، ملک تیمور صاحب سوال کا نمبر بولیں۔

ملک تیمور مسعود جناب سپیکر سوال نمبر ہے، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔ معزز ممبر نے چودھری فیصل فاروق چیمہ کے ایماء پر طبع شدہ سوال دریافت کیا

جناب سپیکر جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

ضلع سرگودھا سکولوں کی تعداد و دیگر تفصیلات

چودھری فیصل فاروق چیمہ کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف ضلع سرگودھا میں بچوں اور بچیوں کے سکولز کی کل تعداد کتنی ہے؟

ب ان میں سے کتنے سکولز ایسے ہیں جن کی چار دیواری موجود نہیں ہے؟

ج ان میں سے کتنے سکولز ایسے ہیں جن کی عمارت انتہائی خراب حالت میں ہے، باتھ روم اور فرنیچر موجود نہیں ہیں؟

د کیا حکومت سکولز کی حالت بہتر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، اگر ہاں تو کب تک؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانامشہوداحمدخان

الف ضلع سرگودھا میں بچوں اور بچیوں کے سکولز کی کل تعداد ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے

سکول لیول	بوائز	گرلز
پرائمری		
ایلیمنٹری		
ہائی		
ہائرسیکنڈری		
ٹوٹل	4	5

ب ضلع سرگودھا میں سکولوں کی چار دیواری نہ ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے

سکول لیول	بوائز	گرلز	میزان
پرائمری			
ایلیمنٹری		---	
ٹوٹل			

ج ضلع سرگودھا میں سکولوں کی عمارت خراب ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے

سکول لیول	بوائز	گرلز	میزان
پرائمری			
ایلیمنٹری			
ہائی			
ٹوٹل			

ضلع سرگودھا میں سکولوں میں باتھ روم نہ ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے

سکول لیول	بوائز	گرلز	میزان

پرائمری

ضلع سرگودھا میں سکولوں میں فرنیچر موجود نہ ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے

سکول لیول	بوائز	گرلز	میزان
پرائمری			
ایلیمنٹری			
ٹوٹل			

ج جو تبادلہ جات کئے گئے ہیں مستقل ملازمین کے ہیں۔

د جی ہاں جن ملازمین کے تبادلہ جات کئے گئے ہیں ان کے گھر مستقل پتا کا خیال رکھا گیا ہے۔

ہ جن ملازمین کے تبادلہ جات کئے گئے ہیں ان کے گھر سے فاصلہ سے کلو میٹر سے کم ہے اور کسی ملازم کا اس فاصلہ سے دور تبادلہ نہ کیا گیا ہے۔

و جز ہ کی روشنی میں مزید وضاحت کی ضرورت نہ ہے۔

سرگودھا چک نمبر جنوبی کے سکولز میں سکیورٹی کا مسئلہ

چودھری عامر سلطان چیمہ کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف کیا یہ درست ہے کہ چک نمبر جنوبی تحصیل و ضلع سرگودھا میں سرکاری سکولز قائم ہیں، سکول اور سٹینڈرڈ وار تفصیل بتائیں؟

ب کیا یہ درست ہے کہ حکومت پنجاب نے تمام سرکاری سکولوں کی مناسب سکیورٹی ترجیحی بنیادوں پر مورخہ جنوری سے قبل مکمل کرنے کے احکامات جاری فرمائے تھے؟

ج کیا یہ بھی درست ہے کہ چک نمبر میں واقع سکولز کو سکیورٹی انتظامات میسر نہیں ہیں؟

د کیا یہ بھی درست ہے کہ ان سکولز کو سکیورٹی خدشات کے پیش نظر گریڈ اے میں رکھا گیا ہے جس کی وجہ سے ان سکولوں کے سربراہان اور بچوں کے والدین نے شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے؟

ہ کیا حکومت عملہ اور بچوں کے تحفظ کے لئے ضروری مناسب سکیورٹی انتظامات مکمل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تو کب تک، نہیں تو کیا وجوہات ہیں؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانامشہود احمد خان

الف درست ہے چک نمبر جنوبی میں گورنمنٹ گرلز ہائی سکول چک نمبر جنوبی قائم ہے۔ علاوہ ازیں گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول بھی قائم ہے۔

ب درست ہے۔

ج درست نہ ہے چک نمبر جنوبی میں گورنمنٹ گرلز ہائی سکول میں سکیورٹی کے انتظامات میسر ہیں۔ گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول میں بھی تمام سکیورٹی کے انتظامات میسر ہیں۔ پرائمری سکول میں سکیورٹی گارڈ کی سیٹ نہ ہے۔ سکول کونسل کمیٹی کے ذریعے سکول فنڈ سے ڈیلی ویجز کی بنیاد پر تعیناتی کا کام جاری ہے جو کہ بمطابق رولز پالیسی مکمل کر دیا جائے گا۔

د درست ہے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول چک نمبر جنوبی کو سپیشل برانچ سرگودھا کی طرف سے گریڈ اے میں شامل کیا گیا ہے جس کے لئے سکیورٹی کے انتظامات موجود ہیں۔ تاکہ سکول کے بچے، سٹاف اور عملہ وغیرہ محفوظ رہ سکے، سربراہ ادارہ اور بچوں کے والدین اس اقدام سے مطمئن ہیں۔

ہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول جنوبی سرگودھا کی انتظامیہ نے بچوں اور سٹاف کی حفاظت کے لئے ضروری مناسب سکیورٹی انتظامات مکمل کر دیئے ہیں۔ سربراہ ادارہ اور بچوں کے والدین اس اقدام سے مطمئن ہیں۔

سرگودھا تحصیل بھیرہ میں سکولز کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

محترمہ حنا پرویز بٹ کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف کیا یہ درست ہے کہ تحصیل بھیرہ ضلع سرگودھا میں یو سی وار ایک ہائی سکول گرلز اور ایک بوائز واقع ہے؟

ب کیا یہ بھی درست ہے کہ ان سکولز کی عمارت ضرورت کے مطابق نہ ہے سکولز کی عمارتوں میں کمرہ جات کی تفصیلات بتائیں؟

ج کیا یہ بھی درست ہے کہ سکول میں اساتذہ کی تعداد پوری ہے، تفصیل بتائیں۔

وزیر سکولز ایجوکیشن رانامشہود احمد خان

الف درست نہ ہے۔تحصیل بھیرہ میں کل چودہ یونین کونسل ہیں۔دس یونین کونسلز میں بوائز ہائی سکول اور پانچ یونین کونسلز میں گرلز ہائی سکولز موجود ہیں جبکہ چار یونین کونسلز میں بوائز ہائی سکولز اور نو یونین کونسلز میں گرلز ہائی سکولز نہ ہیں۔

ب درست ہے ان سکولز کی عمارات ضرورت کے مطابق ناکافی ہیں ان میں اضافی کمرہ جات کی ضرورت ہے جس کے لئے جناب ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر سرگودھا کو لیٹر لکھ دیا گیا ہے۔ لیٹر کی کاپی + ایوان کی میز پر رکھدی گئی ہے۔

ایسے سکولز جن میں کمروں کی ضرورت ہے، تفصیل درج ذیل ہے

نمبر شمار	نام یونین کونسل	نام سکول	تعداد طلباء	تعداد کمرہ جات	ضرورت کمرہ
	چک سیدا	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول چک سیدا			
	کلیان پور	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کلیان پور			
	میانی	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میانی			
	میانی	گورنمنٹ گرلز ہائی سکول میانی			
	حضور پور	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سکول حضور پور			
	بھیرہ	گورنمنٹ بوائز; ماڈل ہائی سکول			
	بھیرہ	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول بھیرہ			
	بھیرہ	گورنمنٹ بوائز اسلامیہ ہائی سکول بھیرہ			
	بھیرہ	گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول بھیرہ			
	خان محمد والا	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول خان محمد والا			

ڈھل	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول طرطی پور
چک مبارک	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول چک مبارک
چک مبارک	گورنمنٹ گرلز ہائی سکول چک مبارک
چاوہ	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول شیر محمد والا

ج درست نہ ہے۔ آٹھ بوائز ہائی سکولز اور چار گرلز ہائی سکولز میں اضافی سٹاف کی ضرورت ہے۔ باقی سکولز میں اساتذہ کی تعداد پوری ہے۔

نمبر شمار	نام یونین کونسل	نام سکول	تعداد طلباء	تعداد اساتذہ	ضرورت اساتذہ
	چک سیدا	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول چک سیدا			ایس ایس ٹی سائنس
	میانی	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میانی			ایس ایس ٹی جنرل
	میانی	گورنمنٹ گرلز ہائی سکول میانی			ایس ایس ٹی سائنس ایس ایس ٹی جنرل
	حضور پور	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول حضور پور			ایس ایس ٹی سائنس ایس ایس ٹی جنرل ای ایس ٹی پی ایس ٹی
	حضور پور	گورنمنٹ گرلز ہائی سکول حضور پور			ایس ایس ٹی ریاضی پی ایس ٹی
	بھیرہ	گورنمنٹ بوائز اسلامیہ ہائی سکول بھیرہ			ایس ایس ٹی اردو
	بھیرہ	گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول بھیرہ			ایس ایس ٹی سائنس ایس ایس ٹی آرٹس ایس ایس ٹی انگلش
	خان محمد والا	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول خان محمد والا			ایس ایس ٹی سائنس
	چک مبارک	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول چک مبارک			ایس ایس ٹی سائنس
	چک مبارک	گورنمنٹ گرلز ہائی سکول چک مبارک			ایس ایس ٹی سائنس
	چاوہ	گورنمنٹ بوائز ہائی سکول شیر محمد والا			ایس ایس ٹی سائنس ای ایس ٹی

صوبہ بھر اور ضلع چنیوٹ میں ایجوکیٹر کی بھرتی سے متعلقہ تفصیلات

الحاج محمد الیاس چنیوٹی کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف سال سے اب تک صوبہ بھر میں کتنے ایجوکیٹر کون کون سے سکیل میں بھرتی ہوئے، تفصیل دی جائے؟

ب سال سے اب تک ضلع چنیوٹ میں کتنے ایجوکیٹر کون کون سے سکیل میں بھرتی ہوئے، تفصیل فراہم کی جائے؟

ج سال سے اب تک صوبہ بھر میں بھرتی ہونے والے ایجوکیٹرز کا اقلیتی کوٹا کتنا ہے اور اس اقلیتی کوٹا پر کون کون سے سکیل میں کتنے ایجوکیٹرز بھرتی ہوئے، تفصیل فراہم کی جائے؟

د سال سے اب تک صوبہ بھر میں ایجوکیٹر کی بھرتی کے دوران کتنے قادیانی اقلیتی کوٹا کے تحت بھرتی ہوئے ہیں؟

ہ سال سے اب تک ضلع چنیوٹ میں کتنے قادیانی اقلیتی کوٹا کے تحت ایجوکیٹر بھرتی ہوئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان

الف صوبہ پنجاب محکمہ تعلیم میں سے اب تک . ایجوکیٹرز بھرتی ہوئے جن میں تین کیٹیگری کے اساتذہ 8 :میں 881، 8 :میں 8181 اور 8 :میں 181 کو بھرتی کیا گیا۔ تفصیل + ایوان کی میز پر رکھدی گئی ہے۔

ب ضلع چنیوٹ میں محکمہ تعلیم نے سے اب تک ایجوکیٹرز بھرتی کئے، جن میں تین کیٹیگری کے اساتذہ 8 :میں 881، 8 :میں 8181 اور 8 :میں 181 کو بھرتی کیا گیا۔ تفصیل + ایوان کی میز پر رکھدی گئی ہے۔

ج صوبہ پنجاب محکمہ تعلیم میں سے اب تک اقلیتی کوٹا کے تحت ایجوکیٹرز بھرتی ہوئے۔تفصیل : + ایوان کی میز پر رکھدی گئی ہے۔

د سال سے اب تک صوبہ بھر میں تقریباً پانچ قادیانیوں کو بھرتی کیا گیا نیز قادیانی اپنا مذہب ظاہر نہیں کرتے اور زیادہ تر نہ ہی اقلیتی کوٹا کی اسامیوں پر ملازمت کی درخواست دیتے ہیں اس وجہ سے ان کے بارے میں محکمہ کو اطلاع نہیں ہوتی اور محکمہ ان کے بارے میں انفارمیشن دینے سے قاصر ہوتا ہے۔

ہ ضلع چنیوٹ میں ایک مرد ایجوکیٹر سکیل نمبر میں بھرتی کیا گیا۔ تفصیل : + ایوان کی میز پر رکھدی گئی ہے۔

حلقہ پی پی- ڈسکہ میں سرکاری گرلز سکولز سے متعلقہ تفصیلات

جناب محمد آصف باجوہ ایڈووکیٹ کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

حلقہ پی پی- ڈسکہ میں اس وقت کتنے گرلز پرائمری، کتنے گرلز ایلیمنٹری اور کتنے گرلز ہائی سکول ہیں اور کتنے گرلز ہائر سیکنڈری سکول ہیں، مکمل تفصیلات دی جائیں کہ یہ کہاں کہاں پر واقع ہیں، اس کی مسنگ فسلیٹیز بتائیں؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان

حلقہ پی پی- ڈسکہ میں اس وقت گورنمنٹ پرائمری ، گرلز ایلیمنٹری ، گرلز ہائی سکول موجود ہیں جبکہ اس حلقہ میں کوئی گرلز ہائر سیکنڈری سکول نہ ہے۔ ان سکولوں کے نام اور مقام کی تفصیل + ایوان کی میز پر رکھدی گئی ہے۔

جہاں تک اس حلقہ کے سکولوں میں مسنگ فسلیٹیز کا تعلق ہے اس ضمن میں عرض ہے کہ بارہ گرلز پرائمری، چار گرلز مڈل اور سات گرلز ہائی سکولوں میں کمروں کی ضرورت ہے جبکہ باقی سکولوں میں تمام سہولیات موجود ہیں۔تفصیل + ایوان کی میز پر رکھد

ی گئی ہے ان سکولوں میں کمروں کی تعمیر کے لئے ڈسٹرکٹ گورنمنٹ سیالکوٹ کو لیٹر نمبر 3 مورخہ 9 9
کے تحت درخواست کی گئی ہے کہ مجوزہ سکیم کے لئے اضافی فنڈز مہیا کئے جائیں لیٹر کی کاپی : + ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔
فنڈ زکی فراہمی پر ان سکولوں میں کمروں کی ضروریات پوری کر دی جائیں گی۔

بہاولنگر کے سکولوں کو اپ گریڈ کرنے سے متعلقہ تفصیلات

جناب شوکت علی لالیکا کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف بہاولنگر میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران اپ گریڈ کئے گئے سکولوں کی تعداد بتائی جائے؟

ب سکول کو اپ گریڈ کرنے کا طریق کار کیا ہے؟

ج قاسم کا مڈل سکول تحصیل بہاولنگر کو اپ گریڈ کیوں نہ کیا گیا اس کی وجہ بیان فرمائی جائے؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان

الف ضلع بہاولنگر میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران اپ گریڈ کئے گئے سکولوں کی کل تعداد ہے۔

ب صوبہ پنجاب میں محکمہ تعلیم کی طرف سے زیادہ سے زیادہ تعداد طلباء و طالبات اور جگہ کے میسر ہونے کی بنیاد پر سکولوں کو اپ گریڈ کیا جاتا ہے۔ معیار کی کاپی + ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

ج گورنمنٹ گرلز مڈل سکول قاسم کا کو تعداد طالبات کم ہونے کی بناء پر اپ گریڈ نہ کیا گیا ہے۔

صادق آباد عوامی کالونی میں سرکاری سکولز نہ ہونے سے متعلقہ تفصیلات

قاضی احمد سعید کیا وزیر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف کیا یہ درست ہے کہ عوامی کالونی تحصیل صادق آباد کی تقریباً ہزار کی آبادی کے لئے کوئی سرکاری سکول نہ ہے؟

ب کیا یہ بھی درست ہے کہ کالونی میں اکلوتا مسجد مکتب سکول قائم ہے؟

ج کیا حکومت اتنی بڑی آبادی پر مشتمل غریب عوام کے لئے کوئی پرائمری سکول تک نہ ہونے کے باوجود کوئی پالیسی نہ بناتی ہے؟

د کیا حکومت کالونی میں آبادی کے تناسب سے وہاں پر موجود مسجد مکتب سکول کو اپ گریڈ کرنے اور وہاں کے غریب بچوں کو تعلیم جیسی بنیادی سہولت کی فراہمی کے لئے نئے گرلز اور بوائز سکولز بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک، نہیں تو وجوہات کیا ہیں؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانامشہود احمد خان

الف درست نہ ہے۔ عوامی کالونی تحصیل صادق آباد میں گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول غلام احمد آباد کے نام سے چل رہا ہے جہاں زیر تعلیم بچوں کی تعداد ہے۔صوبائی حکومت نے چا کنال رقبہ سکول کے نام منتقل کر دیا ہے جس کی چاردیواری تعمیر ہو چکی ہے۔ اپنی مدد آپ کے تحت کچا کمرہ تعمیر شدہ ہے۔سکول میں تین پی ایس ٹی ٹیچرز تعینات ہیں۔ اس کالونی میں ایک عدد بوائز مسجد مکتب سکول محبوب سبحانی بھی موجود ہے جس میں بچوں کی تعداد ہے اور دو پی ایس ٹی اساتذہ کام کر رہے ہیں۔جبکہ مزید دو فیڈر ٹیچرز بھی کام کر رہے ہیں اس سکول کی اپ گریڈیشن کے لئے پراسس جاری ہے اور انشاء اللہ اگلے مالی سال میں عملدر آمد ہو جائے گا۔

ب درست نہ ہے۔مسجد مکتب سکول محبوب سبحانی کے ساتھ ساتھ ایک گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بھی موجود ہے۔

ج درست نہ ہے۔بلکہ گرلز پرائمری سکول پہلے ہی کام کر رہا ہے اور موجودہ مسجد مکتب سکول کو اپ گریڈ کرنے کا عمل جاری ہے۔

د عوامی کالونی میں گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول غلام احمد آباد کے نام سے کام کر رہا ہے جبکہ بوائز مسجد مکتب سکول کو بھی اپ گریڈ کرنے کا عمل جاری ہے جو آئندہ مالی سال میں مکمل ہو جائے گا۔جبکہ اس آبادی کے شمال مشرق میں بوائز پرائمری سکول الیاس کالونی اور گرلز ہائی سکول الیاس کالونی موجود ہیں۔ مغرب کی طرف مسجد مکتب سکول سنسراں اور جنوب کی طرف پرائمری گرلز و بوائز سکولز زورکوٹ اور گرلز پرائمری سکول ڈیرہ غلام حیدر ، گرلز مڈل سکول اور انکم سکیم نمبر گرلز پرائمری سکول نین شہزادہ موجود ہیں۔ مزید برآں آئندہ نئے سکول پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے تحت قائم کئے جائیں گے یہ پالیسی وزیر اعلیٰ پنجاب کی منظوری سے تیار کی گئی ہے۔پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے پنجاب بھر میں نئے سکولوں کے قیام کے حوالے سے سروے مکمل کر لیا ہے جس کے بعد معیار پر پورے اترنے والے علاقوں میں ضرورت کے تحت نئے سکولوں کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔

اوکاڑہ گورنمنٹ ہائی سکول چک گنڈا سنگھ تحصیل دیپالپور کی اراضی پر ناجائز قبضہ سے متعلقہ تفصیلات

چودھری عامر سلطان چیمہ کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ ہائی سکول چک گنڈا سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ کے سرکاری رقبہ پر ناجائز قابضین نے عرصہ دراز سے قبضہ کر رکھا ہے، قابضین کے نام مع ولدیت کی تفصیل بتائی جائے ؟

ب کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ لوگوں کے خلاف تھانہ بصیر پور میں مختلف دفعات کے تحت مقدمات درج کئے گئے ہیں، مذکورہ لوگوں نے سکول کی اراضی پر کب سے قبضہ کیا ہوا ہے ؟

ج کیا یہ بھی درست ہے کہ سکول ہذا کے ہیڈ ماسٹر اور جملہ سٹاف نے مختلف محکمہ جات محکمہ مال، محکمہ پولیس، محکمہ تعلیم کو متعدد بار درخواستیں گزاری ہیں اور ان پر کوئی عملدرآمد نہ ہوا ہے ؟

د کیا یہ بھی درست ہے کہ ملزمان بااثر لوگ ہیں محکمہ ان کے خلاف قانونی کارروائی کرنے سے ڈرتا ہے؟

ہ اگر جز ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کرکے سکول ہذا کا رقبہ واگزار کروانے اور متعلقہ ہیڈ ماسٹر و جملہ سٹاف کو تحفظ فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اور اگر ہاں تو کب تک، اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانامشہود احمد خان

الف درست ہے کہ گورنمنٹ ہائی سکول چک گنڈا سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ کے سرکاری رقبہ کنال مرلہ پر عرصہ سال سے محمد اسلم ولد احمد دین قوم وٹو ساکن چک گنڈا سنگھ نے قبضہ کر رکھا ہے۔

ب یہ بھی درست ہے کہ محمد اسلم ولد احمد دین قوم وٹو ساکن چک گنڈا سنگھ کے خلاف تھانہ بصیر پور میں مختلف دفعات کے تحت مقدمہ نمبر ، درج ہیں ۔ ملزم مذکورہ نے سے کنال مرلہ پر قبضہ کیا ہوا ہے۔

ج یہ بھی درست ہے سکول ہذا کے ہیڈ ماسٹر اور جملہ سٹاف نے محکمہ مال، محکمہ پولیس اور محکمہ تعلیم کے اعلیٰ افسران کو اس معاملے میں درخواستیں دی ہیں۔ محکمہ مال نے آرڈر نمبر 3 3 مورخہ 9 9 کے تحت قبضہ واگزار کروادیا تھا۔ بعد ازاں محمد اسلم ولد احمد دین قوم وٹو نے میں پھر سکول کے رقبہ پر قبضہ کر لیا۔ ملزم کے خلاف ایف آئی آر نمبر مورخہ 9 9 کو درج کروادی گئی ہے۔

د یہ درست ہے کہ ملزم بااثر ہے لیکن محکمہ تعلیم اس کی واگزاری کے لئے بھرپور اقدامات کر رہا ہے افسران بالا کو بار بار واگزاری کے لئے تحریر کیا جاتا ہے بلکہ ہیڈ ماسٹر نے خود بھی ملزمان کے خلاف ایف آئی آر درج کروائی ہے جس کی کاپی + ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

ہ حکومت مذکورہ سکول کے مقبوضہ رقبہ کو ناجائز قابضین سے واگزار کروانے کے لئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اور اس ضمن میں ای ڈی او ایجوکیشن تعلیم اوکاڑہ کی جانب سے کمشنر ساہیوال اور ڈی سی او اوکاڑہ کو تحریری درخواست کی گئی ہے اس پر کمشنر ساہیوال نے متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر کو ہدایات جاری کر دی ہیں۔ امید ہے کہ عنقریب مذکورہ سکول کے مقبوضہ رقبہ کو ناجائز قابضین سے واگزار کروالیا جائے گا۔

حلقہ پی پی ڈسکہ میں سرکاری سکولز سے متعلقہ تفصیلات

جناب محمد آصف باجوہ ایڈووکیٹ کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

حلقہ پی پی۔ ڈسکہ میں کل کتنے پرائمری، مڈل ایلیمنٹری ،ہائی اور ہائر سیکنڈری سکول بوائز موجود ہیں اور کہاں کہاں پر واقع ہیں، مکمل تفصیلات دی جائیں؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانامشہود احمد خان

حلقہ پی پی۔ ڈسکہ میں کل بوائز سکولز ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے

نمبر شمار	سکول لیول	تعداد
	پرائمری	
	مڈل	
	ہائی	
	ہائر سیکنڈری	
	ٹوٹل	

مزید تفصیل + ایوان کی میز پر رکھدی گئی ہے۔

گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول میں زیر تعلیم طالبات سے متعلقہ تفصیلات

محترمہ خدیجہ عمر کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول وراستر شاہ یونین کونسل نمبر سلامت پورہ لاہور میں سے زائد طالبات تعلیم حاصل کر رہی ہیں؟

ب کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول میں پینے کے صاف پانی اور بیت الخلاء کی سہولت موجود نہ ہے؟

ج اگر جواب اثبات میں ہیں تو کیا محکمہ مذکورہ سکول میں بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لئے عملی اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتا ہے اگر ہاں تو کب تک، اگر نہیں تو وجوہات سے ایوان کو آگاہ فرمایا جائے؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانامشہود احمد خان

الف درست ہے گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول وراستر شاہ یونین کونسل نمبر سلامت پورہ لاہور میں زیر تعلیم طالبات کی تعداد ہے۔ تفصیل درج ذیل ہے

نمبر شمار	کلاس لیول	تعدادطالبات
	نرسری	
	اول	
	دوئم	
	سوئم	
	چہارم	
	پنجم	
	ٹوٹل	

ب درست نہ ہے۔مذکورہ سکول میں پینے کے صاف پانی اور بیت الخلاء کی سہولت موجود ہے۔

ج جواب جز ب کی روشنی میں مزید وضاحت کی ضرورت نہ ہے۔

گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول میں طلباء کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

محترمہ خدیجہ عمر کیا وزیر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف کیا یہ درست ہے کہ رائیونڈ لاہور کے گورنمنٹ پرائمری سکول برکت پورہ میں طلباء کی تعداد کے قریب ہے؟

ب کیا یہ بھی درست ہے کہ اول سے پنجم تک کی کلاسوں کو پڑھانے کے لئے دو اساتذہ تعینات ہیں؟

ج کیا یہ بھی درست ہے کہ پانچ کلاسوں کو بٹھانے کے لئے کمرہ جات کی تعداد بھی کم ہے؟

د اگر جوابات اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ سکول کی بہتری اور #" کو بڑھانے کے لئے عملی اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک، اگر نہیں تو وجوہات سے ایوان کو آگاہ فرمایا جائے؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانا مشہود احمد خان

الف درست ہے۔

ب درست نہ ہے۔ اساتذہ کی تعداد ہے۔

ج درست نہ ہے سکول ہذا میں بچوں کے لئے کل کلاس رومز ہیں۔

د یونیورسل پرائمری سیکنڈری انرولمنٹ اینڈ ایمرجنسی انرولمنٹ کمپین کے تحت ہر سال نئے ٹارگٹ کے تحت انرولمنٹ بہتر ہوتی ہے اس کمپین کے مطابق کوشش کی جاتی ہے کہ سال سے سال تک کے بچے سکولوں سے باہر نہ ہوں اور گورنمنٹ سکولوں میں داخل ہوں اور ہر سال اس میں بہتری آرہی ہے۔

یونیسف کے اشتراک سے چلنے والے سکولز سے متعلقہ تفصیلات

چودھری اشرف علی انصاری کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ

الف کیا یہ درست ہے کہ محکمہ سکولز ایجوکیشن نے B 1 <; 6 ?کے اشتراک سے)#" # - 8 ## (8 مرتب کیا ہے؟

ب اگر درست ہے تو مذکورہ پلان کے ضمن میں کیا کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں؟

ج مذکورہ پلان کے تحت ضلع گوجرانوالہ کے کتنے سکول مستفید ہوئے؟

د مذکورہ پلان کے تحت گوجرانوالہ کے لئے کتنی رقم رکھی گئی ہے اور یہ رقم کہاں کہاں خرچ کی جارہی ہے جو رقم خرچ کی گئی، اس کا آڈٹ کن اداروں سے کروایا گیا؟

ہ مذکورہ پلان پر کامیابی سے عملدرآمد کے لئے گوجرانوالہ میں کون کون سے اقدامات اٹھائے گئے ہیں، تفصیل سے معزز ایوان کو آگاہ فرمائیں؟

وزیر سکولز ایجوکیشن رانامشہوداحمدخان

الف مذکورہ سوال کے ضمن میں گزارش ہے کہ محکمہ سکول ایجوکیشن نےB 1 <; 6 ?کے تعاون سے سرکاری سکولوں میں محفوظ ماحول مہیا کرنے کے لئے ایک سکول سیفٹی پلان کے نام سے % #$تیار کیا ہے تاہم اس حوالے سےB 1 <; 6 ?کی جانب سے سکولوں میں کسی قسم کے فنڈ مہیا نہیں کئے جا رہے ہیں ۔مذکورہ % #$ محکمہ کی سطح پر تیار کیا گیا اور کسی بھی ضلع بشمول گوجرانوالہ کے سرکاری سکولز میںB 1 <; 6 ?کے اشتراک سے کوئی # - ## ( )#" مرتب نہیں کیا گیا ہے۔

ب جواب جز الف کی روشنی میں مزید وضاحت کی ضرورت نہ ہے۔

ج -ایضًا-

د -ایضًا-

ہ -ایضًا-

جناب محمد ارشد ملک ایڈووکیٹ جناب سپیکر مجھے گزارش کرنے دیں۔

جناب سپیکر آپ کی مہربانی، آپ منسٹر صاحب سے مل کر ان سے بات کر لیں۔ شکریہ ۔ ڈاکٹر سید وسیم اختر قواعدکی معطلی کی تحریک پیش کرنا چاہتے ہیں۔جی، ڈاکٹر صاحب

ڈاکٹر سیدوسیم اختر جناب سپیکر میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت کے

قاعدہ کے تحت قاعدہ اور دیگر متعلقہ قواعد۔۔۔

اذان مغرب

جناب سپیکر نماز مغرب کے لئے منٹ کا وقفہ کیا جاتا ہے۔

اس مرحلہ پر نماز مغرب کے لئے منٹ کے لئے اجلاس کی کارروائی ملتوی کر دی گئی

جناب سپیکر بعد از نماز مغرب بج کر منٹ پر کرسی صدارت پر متمکن

ہوئے

جناب سپیکر وزیر قانون رانا ثناء اللہ خان ، قائد حزب اختلاف میاں محمودالرشید، جناب احمد شاہ کھگہ اور ڈاکٹر سید وسیم اختر ایم پی ایز بنگلہ دیش میں امیر جماعت اسلامی بنگلہ دیش جناب مطیع الرحمٰن نظامی کو دی جانے والی موت کی سزا کے حوالے سے قرارداد پیش کرنے کے لئے قواعد کی معطلی کی تحریک پیش کرنا چاہتے ہیں۔میں محرک سے کہتا ہوں کہ اپنی تحریک پیش کریں۔جی، ڈاکٹر سید وسیم اختر

قواعد کی معطلی کی تحریک

ڈاکٹر سید وسیم اختر جناب سپیکر شکریہ۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ

قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت کے قاعدہ کے تحت قاعدہ اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے امیر جماعت اسلامی بنگلہ دیش جناب مطیع الرحمٰن نظامی کو وفائے پاکستان کے جرم میں دی جانے والی موت کی سزا کے حوالے سے قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

جناب سپیکر یہ تحریک پیش کی گئی ہے کہ

قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت کے قاعدہ کے تحت قاعدہ اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے امیر جماعت اسلامی بنگلہ دیش جناب مطیع الرحمٰن نظامی کو وفائے پاکستان کے جرم میں دی جانے والی موت کی سزا کے حوالے سے قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

شیخ علاؤالدین جناب سپیکر میں اس قرارداد کے مخالف نہیں ہوں لیکن میں ایک بات آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ میں نے جب یہاں پر ایک قرارداد پیش کی تھی کہ جناب قمر الزماں اور مُلا عبدالقادر کی پھانسی پر انہیں نشان پاکستان دیا جائے تو اس پر لاء منسٹر صاحب آج تک جواب نہیں دے سکے۔ سیکرٹری صاحب کے علم میں ہے۔

جناب سپیکر آپ ان کی موجودگی میں بات کریں۔

شیخ علاؤالدین جناب سپیکر پھر یہ کیسے آگئی ہے؟

جناب سپیکر وہ $!ہے۔

شیخ علاؤالدین جناب سپیکر وہ $!چلی آرہی ہے۔ اگر ہم نے وہ پاس کی ہوتی تو---

جناب سپیکر یہ قواعد کی معطلی کی تحریک ہے دونوں اطراف کے ممبران پر مشتمل کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے۔ آپ مہربانی کریں۔ جب آپ کی قرارداد آئے گی تو بات ہو جائے گی۔

شیخ علاؤالدین جناب سپیکر میری عرض تو سنیں کمیٹی نے اس بنیاد پر تو فیصلہ نہیں کیا۔ میں اس کی مخالفت نہیں کر رہا لیکن اگر وہ قرارداد پاس ہوئی ہوتی تو آج اس کا وزن زیادہ ہوتا۔

جناب سپیکر اس کو دوبارہ دیکھیں گے اور اس کا وزن بھی دیکھ لیں گے۔

اس تحریک کی مخالفت نہیں کی گئی ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت کے قاعدہ کے تحت قاعدہ اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے امیر جماعت اسلامی بنگلہ دیش جناب مطیع الرحمٰن نظامی کو وفائے پاکستان کے جرم میں دی جانے والی موت کی سزا کے حوالے سے قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

تحریک متفقہ طور پر منظور ہوئی

جناب سپیکر محرک اب اپنی قرارداد پیش کریں۔ جی، ڈاکٹر سید وسیم اختر

ڈاکٹر سید وسیم اختر جناب سپیکر شکریہ۔ شیخ علاؤالدین نے جو بات کی ہے وہ بہت وزنی ہے اس پر غور کیا جانا چاہئے۔

جناب سپیکر جب وہ آئے گی تو پھر اس پر بات ہو گی۔

قرارداد

بنگلہ دیش کے امیر جماعت اسلامی جناب مطیع الرحمٰن نظامی کی پاکستان سے وفا کے جرم میں سزائے موت کو رکوانے کا مطالبہ

ڈاکٹر سید وسیم اختر جناب سپیکر یہ قرارداد جس طرح آپ نے فرمایا ہے کہ رانا ثناء اللہ خان،میاں محمود الرشید ، جناب احمد شاہ کھگہ ،میرے و دیگر ممبران کی منظوری سے متفقہ طور پر پیش کی جارہی ہے۔قرارداد یہ ہے کہ

پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان بنگلہ دیش میں امیر جماعت اسلامی

بنگلہ دیش جناب مطیع الرحمٰن نظامی کو نام نہاد ٹربیونل کی طرف سے وفائے پاکستان کے جرم میں دی جانے والی موت کی سزا پر انتہائی تشویش کا اظہار کرتا ہے۔ بنگلہ دیش کی سپریم کورٹ نے انصاف کا خون کرتے ہوئے سزائے موت کے خلاف ان کی اپیل مسترد کر دی ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی جماعت اسلامی کے متعدد راہنماؤں کو بنگلہ دیش میں پاکستان کے ساتھ وفا کے جرم میں پھانسی کے پھندے پر لٹکایا جا چکا ہے۔

یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس سے پہلے کہ حسینہ واجد کی ظالم حکومت سزائے موت کے ظلم پر عملدرآمد کر دے معاملہ کو فوری طور پر ;> 2 اور اقوام متحدہ کے اداروں میں اٹھایا جائے نیز جرأت مندانہ سفارت کاری کرتے ہوئے اس ظلم کو رکوایا جائے۔

جناب سپیکر یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ

پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان بنگلہ دیش میں امیر جماعت اسلامی

بنگلہ دیش جناب مطیع الرحمٰن نظامی کو نام نہاد ٹربیونل کی طرف سے وفائے پاکستان کے جرم میں دی جانے والی موت کی سزا پر انتہائی تشویش کا اظہار کرتا ہے۔ بنگلہ دیش کی سپریم کورٹ نے انصاف کا خون کرتے ہوئے سزائے موت کے خلاف ان کی اپیل مسترد کر دی ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی جماعت اسلامی کے متعدد راہنماؤں کو بنگلہ دیش میں پاکستان

کے ساتھ وفا کے جرم میں پھانسی کے پھندے پر لٹکایا جا چکا ہے۔

یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس سے پہلے کہ حسینہ واجد کی ظالم حکومت سزائے موت کے ظلم پر عملدر آمد کر دے معاملہ کو فوری طور پر ;< 2 اور اقوام متحدہ کے اداروں میں اٹھایا جائے نیز جرات مندانہ سفارت کاری کرتے ہوئے اس ظلم کو رکوایا جائے۔

اس قرارداد کی کسی نے مخالفت نہیں کی ہے اس لئے اب سوال یہ ہے کہ

پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان بنگلہ دیش میں امیر جماعت اسلامی بنگلہ دیش جناب مطیع الرحمٰن نظامی کو نام نہاد ٹربیونل کی طرف سے وفائے پاکستان کے جرم میں دی جانے والی موت کی سزا پر انتہائی تشویش کا اظہار کرتا ہے۔ بنگلہ دیش کی سپریم کورٹ نے انصاف کا خون کرتے ہوئے سزائے موت کے خلاف ان کی اپیل مسترد کر دی ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی جماعت اسلامی کے متعدد راہنماؤں کو بنگلہ دیش میں پاکستان کے ساتھ وفا کے جرم میں پھانسی کے پھندے پر لٹکایا جا چکا ہے۔

یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس سے پہلے کہ حسینہ واجد کی ظالم حکومت سزائے موت کے ظلم پر عملدر آمد کر دے معاملہ کو فوری طور پر ;< 2 اور اقوام متحدہ کے اداروں میں اٹھایا جائے نیز جرأت مندانہ سفارت کاری کرتے ہوئے اس ظلم کو رکوایا جائے۔

قرارداد متفقہ طور پر منظور ہوئی

پوائنٹ آف آرڈر

قائد حزب اختلاف میاں محمود الرشید جناب سپیکر پوائنٹ آف آرڈر۔

اس مرحلہ پر صحافی حضرات پریس گیلری میں واپس تشریف لائے

جناب سپیکر 9 # ".*. $ - # Dجی، میاں صاحب

اوکاڑہ میں گرفتار صحافیوں کی رہائی کا مطالبہ

قائد حزب اختلاف میاں محمود الرشید جناب سپیکر میں نماز کے وقفہ میں جب باہر گیا ہوں تو تمام سینئر صحافی اوکاڑہ میں ہونے والے تازہ ترین واقعات پر احتجاج کر رہے تھے۔ ان کے کہنے کے مطابق بارہ صحافیوں سمیت انیس افراد کے خلاف پرچے درج ہو گئے ہیں یہ چینل 92کا اندھیر نگری پروگرام تھا اس میں وہاں کے ایس ایچ او مہر اسماعیل اور ججی گینگ notorious کے خلاف بے شمار ایف آئی آر ز ہیں۔

جناب سپیکر میں سمجھتا ہوں کہ وہ دوبارہ کہہ رہے ہیں کہ ہم واک آؤٹ یا بائیکاٹ کریں گے کیونکہ یہاں پر لاء منسٹر نہیں ہیں ، یہ معاملہ اس نوعیت کا ہے کہ وہاں دیپالپور پریس کلب کے صدر بھی گرفتار ہیں اور ان کو دہشت گردی کی دفعات لگا کر لوگوں کے سامنے حوالات میں محبوس کیا گیا ہے۔ یہ معاملہ بہت ہی serious نوعیت کا ہے۔ پولیس اپنی حد سے تجاوز کر رہی ہے۔ہم تھانہ کلچر کی تبدیلی کی باتیں کرتے ہیں یہ تو میرا خیال ہے کہ پورا صوبہ ہی پولیس سٹیٹ بن چکا ہے۔صحافی جو حق اور سچ کی تلاش کے لئے اپنی جان پر کھیل جاتے ہیں، زخمی بھی ہوتے ہیں اور کئی صحافیوں نے سچ اور حقیقت کو پانے کے لئے اپنی جانوں کے نذرانے بھی پیش کئے ہیں تو میرا خیال ہے کہ جس انداز سے وہاں اوکاڑہ اور دیپالپور میں پولیس گردی ہو رہی ہے وہ بہت ہی زیادتی ہے اس پر prompt action ہونا چاہئے۔ تمام سینئر صحافی کمیٹی روم میں بیٹھے ہیں، لاءمنسٹر بھی انہیں لارا دے کر چلے گئے ہیں اور وہ ایک گھنٹے سے وہاں ان کا انتظار کر رہے ہیں۔

جناب سپیکر میں آپ سے گزارش کروں گا کہ جو صحافی گرفتار ہیں آپ فوری طور پر intervene کریں کہ کم از کم ان کو تو رہا کیا جائے اور بیٹھ کر اس معاملے کی انکوائری کروائی جائے، یہ کسی طور پر بھی مناسب نہیں ہے کہ ہم صحافیوں کے ساتھ اس طرح کا سلوک کریں کہ جو دہشت گردوں کے ساتھ یا جرائم پیشہ افراد کے ساتھ ہوتا ہے۔

وزیر زکوٰۃ و عشر ملک ندیم کامران جناب سپیکر میں نے ابھی معزز قائد حزب اختلاف کی بات سنی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ایک گھنٹے سے لاءمنسٹر صاحب اسی سلسلے سے میٹنگ کر رہے تھے اور issues کو settle کرنے کے لئے اس وقت وہ اپنے چیمبر میں بیٹھے ہیں اور وہ انتظامیہ سے رابطہ کر رہے ہیں اور اس کا legal way out نکال رہے ہیں تو میرا خیال ہے کہ پانچ یا دس منٹ کے اندر اندر وہ یہ تمام چیزیں resolve کر کے یہاں پر ہمیں

بتائیں گے وہ اسی کام کے سلسلے میں گئے ہوئے ہیں ۔ میرے معزز بھائی نے بات کی ہے کہ وہ چکر دے کر چلے گئے ہیں ایسی کوئی بات نہیں ہے
He is already working on it sir. Thank you very much.

تحاریک استحقاق

جناب سپیکر اب ہم تحاریک استحقاق لیتے ہیں۔ پہلی تحریک استحقاق محترمہ راحیلہ خادم حسین کی ہے وہ اسے پیش کریں۔

قانون پنجاب ٹرانسپیرنسی اینڈ رائٹ ٹو انفارمیشن پر عملدر آمد

کی سالانہ کارکردگی رپورٹ کا ایوان میں پیش نہ کیا جانا

محترمہ راحیلہ خادم حسین شکریہ ۔ جناب سپیکر میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے تحریک استحقاق پیش کرتی ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔
معاملہ یہ ہے کہ # (= $ - " ! "7 ' / % (7 # "# ;

کے سیکشن کے تحت (# #> (7 " ! " !

(# # (#"! (# # ! (# "#! " %

کے تحت سالانہ رپورٹ اسمبلی میں پیش کرنا $%' - "

حکومت پر لازم ہے۔

> **6. Function of the Commission** (6): The Commission shall prepare an annual report on the implementation of the provisions of this Act during a financial year and submit it to the Government by 31 August and the Government shall lay the report before Provincial Assembly of the Punjab.

جناب سپیکر یہ ایکٹ اسمبلی نے ۔دسمبر کو پاس کیا اور ۔دسمبر کو پنجاب گزٹ میں نوٹیفائی ہوا۔ مالی سال ، اور اب جبکہ ختم ہونے کے قریب ہے لیکن حکومت

نے ابھی تک# (= $ - " ! "7 ' / % (7 # "# ;
کی سالانہ کارکردگی کی تین سالوں کی رپورٹیں اسمبلی میں پیش نہیں
کیں۔ اس طرح قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب کے قاعدہ
کا متن یوں ہے کہ

"70 (a) the question shall relate to a privilege granted by the Constitution, the law or the rules made under any law."

جناب سپیکر مذکورہ ایکٹ اور پنجاب اسمبلی کے
مذکورہ #)#" اور تقاضوں کے باوجود حکومت نے ' / % (7
کی سالانہ رپورٹیں "7 ! " - $=) #; #" #
برائے مالی سال ، اور پیش نہ کر کے نہ
صرف میرا بلکہ اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح کیا ہے لہٰذا میری اس
تحریک کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور اسے باضابطہ قرار
دیتے ہوئے مجلس استحقاقات کے سپرد کیا جائے۔

جناب سپیکر یہ تحریک استحقاق پڑھی جاچکی ہے، اس تحریک استحقاق
کو - $ # 0تک کے لئے $! کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک استحقاق بھی
آپ کی ہے، پیش کریں۔

قانون کمیشن برائے حیثیت خواتین پنجاب 2014 کی سالانہ کارکردگی رپورٹ کا ایوان میں پیش نہ کیا جانا

محترمہ راحیلہ خادم حسین شکریہ۔ جناب سپیکر میں حال ہی میں وقوع
پذیر ہونے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے تحریک
استحقاق پیش کرتی ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔
معاملہ یہ ہے کہ # % 8) # # ># ' / % (7 D#
کے سیکشن کے تحت (". -) "- % I
"# ! " % %) # # سالانہ رپورٹ اسمبلی میں
پیش کرنا حکومت پر لازم ہے۔

14. Annual report of the Commission.- (1) In January each year, the Commission shall submit an annual report on performance of each one of its functions to the Government. (2) The Government shall, at the earliest possible opportunity, lay the annual report of the Commission in Provincial Assembly of the Punjab.

جناب سپیکر یہ ایکٹ اسمبلی نے دسمبر کو پاس کیا اور فروری کو پنجاب گزٹ میں نوٹیفائی ہوا۔ مالی سال ، اور اب جبکہ ختم ہونے کے قریب ہے لیکن حکومت نے ابھی تک (# # #> ' / % (7 #D # % 8 کی سالانہ کارکردگی کی تین سالوں کی رپورٹیں اسمبلی میں پیش نہیں کیں۔ اس طرح قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب کے قاعدہ کا متن یوں ہے کہ

"70(a) the question shall relate to a privilege granted by the Constitution, the law or the rules made under any law."

جناب سپیکر مذکورہ ایکٹ اور پنجاب اسمبلی کے مذکورہ #)#" اور تقاضوں کے باوجود حکومت نے ' / % (7 #D # % 8 (# # #> کی سالانہ رپورٹیں برائے مالی سال ، اور پیش نہ کرکے نہ صرف میرا بلکہ اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح کیا ہے لہٰذا میری اس تحریک کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور اسے باضابطہ قرار دیتے ہوئے مجلس استحقاقات کے سپرد کیا جائے۔

جناب سپیکر یہ تحریک استحقاق پڑھی جاچکی ہے، اس تحریک استحقاق کو - $ # 0 تک کے لئے $! کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک استحقاق نمبر محترمہ نبیلہ حاکم علی خاں کی ہے وہ اسے پیش کریں۔

اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ ساہیوال کا معزز ممبر اسمبلی

کے ساتھ تضحیک آمیز روّیہ

محترمہ نبیلہ حاکم علی خاں جناب سپیکر میں حال ہی میں وقوع پذیر

ہونے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے تحریک استحقاق پیش کرتی ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ بطور ممبر صوبائی اسمبلی میں نے ایک عوامی مسئلہ کے لئے مورخہ -اپریل کو بوقت بجے صبح رانا فاروق اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ آفس ساہیوال کو موبائل نمبر پر فون کیا جو کہ اس نے رسیو نہ کیا۔ میں نے منٹ کے بعد کال کی تو پھر اس نے کال اٹینڈ نہ کی۔ میں نے آدھے گھنٹے کے بعد پھر کال کی جو ایک بار پھر اس نے رسیو نہ کی۔ میرے بار بار کالز کرنے کے باوجود مذکور نے میری کالز اٹینڈ نہ کیں۔ اسی دوران وہاں پر موجود میری ایک عزیزہ کی مجھے کال آئی اور انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ آپ کی رانا فاروق سے بات ہو گئی ہے۔ میں نے کہا کہ وہ میری کال اٹینڈ نہیں کر رہا تو آگے سے میری عزیزہ نے کہا کہ وہ دفتر میں بیٹھے ہیں میں اپنے موبائل سے آپ کی بات کروا دیتی ہوں۔ میں نے کہا کہ آپ اپنا موبائل فون لے جا کر میری بات کروا دیں جس پر وہ فون ان کے پاس لے کر گئیں اور مجھ سے بات کرنے کو کہا جس پر موصوف نے تضحیک آمیز لہجے میں نہ صرف انکار کر دیا بلکہ یہ بھی کہا کہ ایسی ایم پی اے کو میں کچھ سمجھتا ہوں اور نہ ہی میں ان سے بات کرنا پسند کرتا ہوں اور یہ کہہ کر فون غصے سے بند کر دیا۔ مذکورہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ رانا فاروق کے اس توہین آمیز روّیے سے نہ صرف میرا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے لہٰذا میری اس تحریک کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور اسے باضابطہ قرار دیتے ہوئے مجلس استحقاقات کے سپرد کیا جائے۔

جناب سپیکر کیا یہاں پر پارلیمانی سیکرٹری صاحب موجود ہیں؟

پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون و پارلیمانی امور جناب نذر

حسین جناب سپیکر اس تحریک استحقاق کا جواب بھی - $ # 0کو دے دیں گے۔

پوائنٹ آف آرڈر

جناب سپیکر یہ تحریک استحقاق پڑھی جاچکی ہے، اس کو - $ # 0تک کے لئے $!کیا جاتا ہے۔لاءمنسٹر صاحب ابھی قائد حزب اختلاف نے اوکاڑہ کامعاملہ %# # !کیا ہے۔

اوکاڑہ میں گرفتار صحافیوں کی رہائی کا مطالبہ

---جاری

وزیر قانون و پارلیمانی امور رانا ثناءاللہ خان جناب سپیکر ہمارے صحافی بھائی لاہور سے اور ان کے ساتھ اوکاڑہ سے بھی کچھ صحافی ان میں شامل ہیں انہوں نے آج #" !کیا ہے کہ اوکاڑہ میں ان کے کچھ دوستوں کے خلاف کچھ واقعات ہوئے ہیں اور بقول ان کے کہ رپورٹنگ کی بنیاد پر پولیس نے مقدمات درج کئے ہیں۔ ابھی ان کے نمائندہ وفد کو اسمبلی چیمبر میں بلایا تھا، ان کے ساتھ بیٹھ کر میری بات ہوئی ہے ان کے پورے) " سنے ہیں اور اس کے بعد میری 2 =ساہیوال، 2 3 اوکاڑہ اور C; سے بات ہوئی ہے تو اس معاملے کو بیٹھ کر ہم) # "کرنے کی طرف جارہے ہیں اور انشاءاللہ وہ) # "ہوجائے گا۔

جناب سپیکر چلیں، ٹھیک ہے۔مہربانی۔

تحاریک التوائے کار

کوئی تحریک پیش نہ ہوئی

جناب سپیکر اب تحاریک التوائے کار take up کرتے ہیں۔ پہلی تحریک التوائے کار نمبر430/15 جناب امجد علی جاوید کی ہے۔ اس تحریک التوائے کار کا جواب آنا ہے لیکن متعلقہ پارلیمانی سیکرٹری ---موجود نہیں ہیں لہٰذا اس تحریک التوائے کار کو pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر106 سردار وقاص حسن مؤکل کی ہے۔ متعلقہ پارلیمانی سیکرٹری موجود نہیں ہیں لہٰذا اس تحریک التوائے کار کو next week کے لئے pending کیا جاتا ہے۔ اب ہم سرکاری کارروائی شروع کرتے ہیں۔

پوائنٹ آف آرڈر

قائد حزب اختلاف میاں محمود الرشید جناب سپیکر پوائنٹ آف آرڈر۔آدھا گھنٹہ تحاریک التوائے کار کے لئے ہے اور کئی تحاریک lineمیں پڑی ہیں جو آپ کو take upکرنی چاہئیں۔

جناب سپیکر جی، زیادہ سے زیادہ ٹائم اتنا ہے لیکن کم سے کم ٹائم کا ذکر نہیں ہے۔

قائد حزب اختلاف میاں محمود الرشید جناب سپیکر میری ایک تحریک التوائے کار ہے۔

جناب سپیکر جی، یہ out of turnنہیں آئے گی بلکہ اپنی باری پر آئے گی۔

پاناما لیکس کے حوالے سے تحریک التوائے کار کو آؤٹ آف ٹرن ٹیک اپ کرنے کا مطالبہ

قائد حزب اختلاف میاں محمود الرشید جناب سپیکر آپ اسے out of turn لے لیں۔یہ پاناما لیکس کے حوالے سے ہے۔

جناب سپیکر جی، آپ کو ایسی باتیں مناسب نہیں لگتیں۔

قائد حزب اختلاف میاں محمود الرشید جناب سپیکر مجھے آپ بات کیوں نہیں کرنے دے رہے، یہ تو زیادتی ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ پورے ملک کے اندر ہر جگہ اس پر بات ہو رہی ہے۔

جناب سپیکر ہر جگہ تو بات نہیں ہو رہی۔

قائد حزب اختلاف میاں محمود الرشید جناب سپیکر ہم اس پر یہاں پنجاب اسمبلی میں بات کیوں نہیں کر سکتے؟

جناب سپیکر آپ کو ضرورت کیوں پیش آئی؟

قائد حزب اختلاف میاں محمود الرشید جناب سپیکر پرائم منسٹر کے بچوں کے اوپر کرپشن کے جو الزامات ہیں اور بقول رانا ثناء اللہ پاناما نہیں بلکہ پاجاما لیکس ہے لہٰذا میرا یہ خیال ہے کہ ان کے پاجامے اتر چکے ہیں اور پوری قوم کے سامنے یہ اعتراف کر چکے ہیں۔۔ شور و غل

جناب سپیکر جی، مجھے rules کے مطابق چلنا ہے اور آپ ایسے بات نہیں کر سکتے۔

قائد حزب اختلاف میاں محمود الرشید جناب سپیکر ہم یہاں بات کیوں نہیں کر سکتے؟

جناب سپیکر جی، آپ کی یہ تحریک دفتر میں receive ہی نہیں ہوئی۔

قائد حزب اختلاف میاں محمود الرشید جناب سپیکر یہ کیوں receive نہیں ہوئی، عجیب بات ہے؟ آپ نے اسے take up نہیں کرنا۔

جناب سپیکر آپ دفتر میں دیں گے تو کیوں take up نہیں کریں گے؟ میں اسے ابھی چیک کروا لیتا ہوں۔

قائد حزب اختلاف میاں محمود الرشید جناب سپیکر آپ اسے out of turn پڑھنے کی اجازت دے دیں۔

جناب سپیکر جی، مجھے چیک کروا لینے دیں، آپ کیا کر رہے ہیں؟

اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف اپنی اپنی سیٹوں
کے سامنے احتجاجاً کھڑے ہو گئے

قائد حزب اختلاف میاں محمود الرشید جناب سپیکر میں یہ گزارش کر رہا ہوں کہ آپ نے آدھ گھنٹہ تحاریک التوائے کار کے لئے رکھا ہوا ہے۔ جو تحاریک line میں پڑی ہیں وہ تو take up کریں۔

جناب سپیکر جی، یہ ٹائم maximum ہے جبکہ minimum کا اس میں کوئی ذکر نہیں ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور رانا ثناء اللہ خان جناب سپیکر میں اس سلسلے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر جی، فرمائیں

وزیر قانون و پارلیمانی امور رانا ثناء اللہ خان جناب سپیکر میں یہ عرض کروں گا کہ پاناما لیکس پر یہ بالکل بات کریں اور اس بات پر بھی وعدہ کریں کہ جس دن انہوں نے بات کرنی ہے اُس دن بائیکاٹ کر کے باہر نہیں جانا بلکہ ہماری بات بھی سننی ہے۔

جناب سپیکر جی، ایسی بات نہیں ہو گی۔

اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف کی طرف سے

چور حکمران نامنظور کی نعرے بازی

وزیر قانون و پارلیمانی امور رانا ثناء اللہ خان جناب سپیکر جس دن یہ چاہیں بات کریں۔

جناب سپیکر پہلے مجھے ان کی تحریک کو چیک کروانے دیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور رانا ثناء اللہ خان جناب سپیکر یہ اگر آج بات کرنا چاہتے ہیں تو آج کر لیں۔ یہ اپنی تحریک التوائے کار پر ایک گھنٹے کا ٹائم مقرر کروانا چاہتے ہیں تو Monday, Tuesday, Wednesday یا جس دن یہ چاہتے ہیں ان کو آپ ٹائم دیں، اس پر یہ بات کریں اور پھر بعد میں ہماری بات بھی سنیں۔ ہم اِن کو دھرنوں کی رپورٹیں بتائیں گے جس کے ثبوت بھی سامنے آنے والے ہیں، پھر یہ منہ چھپاتے پھریں گے۔ جو کچھ ان کا سامنے آئے گا یہ منہ چھپاتے پھریں گے۔

معزز ممبران حزب اختلاف کی طرف سے

وزیر اعظم، نامنظور اور گرتی ہوئی دیواروں کو ایک دھکا اور دو کی

نعرے بازی

جناب سپیکر جی، معزز ممبران پلیز تشریف رکھیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور رانا ثناء اللہ خان جناب سپیکر آپ اِن کی پاناما لیکس کے حوالے سے تحریک التوائے کار کے اوپر دو گھنٹے کا ٹائم مقرر کریں۔

جناب سپیکر رانا صاحب مجھے اپنے دفتر سے چیک تو کروانے دیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور رانا ثناء اللہ خان جناب سپیکر آپ چیک کروا لیں اور ان کو بات کرنے کا ٹائم دیں۔

معزز ممبران حزب اختلاف کی طرف سے

امریکہ کے ان یاروں کو، ایک دھکا اور دو کی نعرے بازی

جناب سپیکر جی،میں دفتر سے چیک کرواتا ہوں۔ معزز ممبران پلیز تشریف رکھیں۔ Listen please. میاں صاحب آپ اپنی تحریک کی کاپی دیں تاکہ پتا کر لیں کہ دفتر میں receive ہوئی ہے یا نہیں؟

The Punjab Agriculture, Food and Drug Authority Ordinance 2016. A Minister may lay the Punjab Agriculture, Food and Drug Authority Ordinance 2016…

معزز ممبران حزب اختلاف کی طرف سے امریکہ کے ان یاروں کو، ایک دھکا اور دو

اور ڈاکو حکمران، نامنظور کی نعرے بازی

میاں صاحب آپ تشریف رکھیں اور اپنے ممبران سے بھی کہیں کہ اپنی سیٹوں پر تشریف رکھیں۔ آپ کی تحریک التوائے کار کا نمبر کیا ہے جو آپ نے جمع کروائی ہے کیونکہ اس پر کوئی نمبر ہی درج نہیں ہے؟

قائد حزب اختلاف میاں محمودالرشید جناب سپیکر میں نے بھجوائی ہے اور یہ دس دن پہلے کی جمع ہوئی ہے۔

جناب سپیکر جس تحریک پر نمبر لکھا ہوا ہے وہ مجھے دکھائیں۔

قائد حزب اختلاف میاں محمودالرشید جناب سپیکر وہ میں نے آپ کو بھجوا دی ہے۔

جناب سپیکر اس کا نمبر نہیں مل رہا۔ یہ تحریک ہمارے ریکارڈ میں ہی نہیں ہے جبکہ آپ کہہ رہے ہیں کہ جمع کروائی ہوئی ہے۔ آپ نمبر لگوا کر لائیں پھر پڑھ لیجئے گا۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور رانا ثناء اللہ خان جناب سپیکر آپ دیکھیں کہ یہ اِن کا حال ہے۔ آپ ان سے کہیں کہ نمبر کے بغیر ہی اسے پیش کریں اور اس کے اوپر ٹائم رکھیں۔

جناب سپیکر جی، میں ایسے نہیں کروں گا۔ اس تحریک پر نمبر لگے گا تو پھر ٹائم دوں گا۔ اپوزیشن لیڈر صاحب تشریف رکھیں۔آرڈر پلیز، آرڈر پلیز۔

معزز ممبران حزب اختلاف کی طرف سے

لٹیرے حکمران، چور حکمران اور ڈاکو حکمران، نامنظور کی نعرے بازی

قائد حزب اختلاف میاں محمودالرشید جناب سپیکر ہمیں بات نہیں کرنے دی جارہی لہٰذا ہم احتجاجاًواک آؤٹ کرتے ہیں۔

اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف احتجاجاً ایوان سے واک آؤٹ کر گئے

جناب سپیکر میاں صاحب یہ آپ کی کیا بات ہوئی، یہ آپ کا کیا طریقہ ہے،کیا Rules and Regulations آپ کے نزدیک کچھ نہیں ہیں؟ آپ Rules کو violate کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور رانا ثناء اللہ خان جناب سپیکر یہ ڈرامہ بازی پوری طرح سے expose ہونی چاہئے۔ انہوں نے دفتر میں اپنی تحریک التوائے کار جمع کروائی اور نہ اُس پر نمبر لگوایا ہے۔یہ یہاں پر صرف چند منٹ کا شور شرابا اور واک آؤٹ کر کے باہر سیڑھیوں پر جانا چاہتے تھے۔اگر انہوں نے واک آؤٹ کرنا ہے تو بالکل straight بات کریں، اٹھکر احتجاج کریں اور احتجاج کر کے جائیں لیکن یہ صرف اور صرف ڈرامہ کرنے کے بعد point out کر کے باہر جانا چاہتے تھے۔

جناب سپیکر میں یہ کہتا ہوں کہ جس دن یہ تحریک التوائے کار لائیں اس کو آپ accept کریں اور اس پر دو گھنٹے کا ٹائم رکھیں کیونکہ ان کے کرتوت اب اس حد تک سامنے آنے والے ہیں کہ بہنوں کے نام پر آف شور کمپنی کا ریکارڈ سامنے آنے والا ہے۔ یہ کس منہ سے بات کریں گے؟یہ اپنے منہ چھپاتے پھریں گے اور لوگ ان کے اوپر لعنتیں بھیجیں گے۔

محترمہ نبیلہ حاکم علی خاں جناب سپیکر کورم پورا نہیں ہے، کورم پورا نہیں ہے، کورم پورا نہیں ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! ایسی آف شور کمپنیوں کا ریکارڈ آ رہا ہے کہ ان کو جواب دینا مشکل ہو جائے گا۔ آپ ان کی تحریک پر ٹائم رکھیں، ہم ان کی بات بھی سنیں گے اور اس کا جواب بھی دیں گے۔

کورم کی نشاندہی

راجہ راشد حفیظ: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی، ممبران نے کورم point out کیا ہے لہٰذا گنتی کی جائے۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

گنتی کی گئی ہے اور کورم پورا نہیں ہے لہٰذا پانچ منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر پانچ منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائی گئیں)

جی، گنتی کی جائے۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب سپیکر: کورم پورا نہ ہے لہٰذا اب اجلاس بروز سوموار مورخہ 9-مئی 2016 سہ پہر 3:00 بجے تک کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔